# سبدِ گُل

فارسی قصائد کی اجمالی تاریخ و تجزیہ

معہ انتخاب

از:- اختر مہدی

(فارسی قصائد کی اجمالی تاریخ اور تجزیہ)

معہ انتخاب

از

سیّد اختر مہدی

ایم۔ اے

شعبہ عربی و فارسی

الہ آباد یونیورسٹی

الہ آباد

زیر نگرانی پروفیسر سیّد محمد رفیق صاحب

صدر شعبہ عربی و فارسی

الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد

الہ آباد پرشین سوسائٹی پبلیکیشنز ڈویژن

محمود منزل۔ ۔ دریا آباد۔ الہ آباد

قیمت :- [illegible] روپے

# فہرست


| نمبر | مضمون | صفحات |
| --- | --- | --- |
| ۱ | پیش گفتار ... ... ... ... ... ... ... | ۴ - ۶ |
| ۲ | حرفی چند ... ... ... ... ... ... ... | ۷ |
| ۳ | عرضداست ... ... ... ... ... ... ... | ۸ |
| ۴ | قصیدہ ... ... ... ... ... ... ... | ۹ - ۱۸ |
| ۵ | فارسی قصیدہ نگاری کی اجمالی تاریخ ... ... | ۱۹ - ۴۸ |
| ۶ | افضل الدین خاقانی (حالات زندگی، خصوصیات کلام) | ۴۹-۵۵ |
| ۷ | ظہیر فاریابی (حالات زندگی، خصوصیات کلام) ... | ۵۶ - ۶۱ |
| ۸ | عرفی شیرازی (حالات زندگی، خصوصیات کلام) ... | ۶۲ - ۷۱ |
| ۹ | حکیم قاآنی (حالات زندگی، خصوصیات کلام) ... | ۷۲ - ۷۷ |
| ۱۰ | انتخاب از قصائد خاقانی ... ... ... | ۷۸-۹۱ |
| ۱۱ | انتخاب از قصائد ظہیر فاریابی ... ... ... | ۹۲ - ۱۰۲ |
| ۱۲ | انتخاب از قصائد عرفی ... ... ... | ۱۰۳-۱۲۳ |
| ۱۳ | انتخاب از قصائد حکیم قاآنی ... ... ... | ۱۲۳-۱۴۷ |

بصد خلوص و احترام

ڈاکٹر سید امیر حسن عابدی

پروفیسر و صدر شعبۂ عربی و فارسی دہلی یونیورسٹی

کی خدمت میں ہدیۂ عقیدت

# پیش گفتار

زیرِ نظر کتاب اختر مہدی صاحب کا ترتیب دیا ہوا فارسی قصائد کا انتخاب ہے۔ جس کی ابتدا میں مرتّب نے ایک طویل مقدمہ تحریر کیا ہے۔ یہ مقدمہ قصیدہ کی تعریف سے لے کر، اس کی تاریخ، اس کے عروج و زوال کی داستان اور پھر اس کے خارجی اور داخلی عوامل کا تجزیہ اور تنقید بھی ہے۔

اگرچہ آج قصیدے کی اہمیت محض تاریخی ہو کر رہ گئی ہے لیکن اپنے عروج کے زمانے میں قصیدہ شاعر کی فنّی معراج کی، نہ صرف دلیل تھا بلکہ اُسکی صلاحیتوں کی ادبی محک بھی اور جب یہ صنفِ سخن زوال پذیر ہوئی تو قصیدہ، لفاظی، بے جا تفاخر اور تقریباً یاوہ گوئی کا مترادف بن گیا۔ شاعر کے لئے مطلب براری کا ذریعہ۔ لیکن جب ہر طرف شخصی حکومت، ذاتی منفعت اور وقتی مفاد کی تلاش کا دور دورہ ہو تو ایک خاص صنف سے جو اپنے کمالات کیلئے چند مخصوص اجزا تک محدود کر دی گئی ہو، اور کیا امید کی جا سکتی ہے۔ عربوں نے جب قصیدہ کو رواج دیا تو اس کی بنیاد، صداقت اور حقیقی جذبات پر رکھی اور اسے عوامی زندگی سے قریب رکھا۔ جب قوم یا قبیلے میں کسی فرد سے واقعی کوئی کارِ نمایاں ظہور پذیر ہوتا تو جوش اور ولولے کے تحت، قصیدہ، ایسے فرد کو صحیح خراجِ عقیدت پیش کرنے کا ایک ذریعہ تھا لیکن رفتہ رفتہ جب اسے شاہی دربار میں جگہ ملنے لگی تو خوشامد اور بے جا تعریف قصیدہ کا شیوہ سا بن گیا اور قصیدہ گو روز بروز حقیقت نگاری سے دور ہوتا گیا۔ تکلفات، تصنّع اور غیر حقیقی باتوں کے ساتھ

محض ایک محدود فضا میں پرواز کرتے رہنا ان تمام باتوں نے قصیدہ نگار کے فن کو اور محدود کر دیا۔ تخیل کی بلند پروازی، کوہ کندن اور کاہ بر آوردن، خیالی طوطے مینا بناتے رہنے، سے ہٹ کر، اگر قصیدہ سماجی زندگی کی طرف متوجہ ہوتا تو اس میں بڑھنے اور پھیلنے کے امکانات پیدا ہو سکتے تھے لیکن جب اس کی نظر کا محور صرف ایک ذات ہو گئی تو شاعر یا تو اسی ذات کی عینک سے سماجی زندگی کو دیکھنے لگا یا ملک اور انسانوں کی زندگی کے حالات کچھ بھی رہے ہوں مگر شاعر، اپنے ممدوح کی عظمت اور جود و کرم کے ایسے نتائج مرتب کرتا تھا جو دربار کے باہر شاید ہی کبھی نظر آتے رہے ہوں۔ شخصی حکومتوں کا جو مزاج بنا تھا اور جو ان حکومتوں میں تدبر اور سیاست دانی کے اصول تھے اُن کا اس دور میں یہی وطیرہ بن گیا۔ ہاں شکایت زمانہ ایک ایسا موقع تھا جس میں حساس اور باخبر شاعر اپنے دل کے جلے پھپھولے توڑ لیتا تھا۔ فارسی اور اردو کے تمام ایسے شعرا نے جن کا تعلق کچھ بھی عوامی زندگی سے تھا، جو دربار کی فضا سے نکل کر وقت کی آواز پر کان دھرتے تھے۔ انھوں نے تشبیب میں اپنے لئے یہ راستہ نکال لیا تھا اور یہی وہ موقع ہے جہاں سے آج ہمیں اس دور کی حقیقتیں جھانکتی نظر آتی ہیں۔ جہاں فن و فکر اور ممدوح کے ذاتی اوصاف کی دبیز چادر کے نیچے سے وہ دبی دبی کراہیں بھی سنائی پڑتی ہیں جن میں قصیدہ گو کے گرد و پیش کی زندگی کی تلخیاں شامل تھیں۔ آسمان اور زمانہ یہی دو علامتیں قصیدہ نگاروں کے یہاں اس وقت کی زندگی کی حقیقتوں کی مظہر ہیں جنھیں قصیدہ گوئی کا جائزہ لینے والوں کو نظر میں رکھنا چاہیئے۔ اردو میں سودا کے یہاں یہ کیفیت شدت کیساتھ محسوس کی جا سکتی ہے۔ ان کے تضحیک روزگار، ہجو بکریاں، لامیہ اور شہر آشوب سب اس کی مثالیں ہیں۔ فارسی قصیدہ کی تاریخ میں خاقانی، انوری، سعدی اور عرفی کے یہاں یہ تصویر بہت واضح ہیں ؎

صبح دم چوں کلہ بندد آہِ دود آسائے من . چون شفق در خون نشیند چشمِ شب پیمائے من

اور وہ قصیدہ جو خاقانی نے طاق کسریٰ کی شکستہ حالت کو دیکھ کر لکھا تھا۔ شہزادوں شاہ کے لئے عبرت کی تصویر ہے جو اپنے حکومت کے زعم میں خاقانی کو چین نہیں لینے دیتا تھا۔

خاقانی کا یہ شعر

بارگہ دادیم این رفت ستم بر ما . بر قصرِ ستم کاراں آیا چہ رود خذلان

حکومت پر ایک تازیانہ ہے۔

سعدیؔ نے دوسرا پیرایہ اختیار کیا اور یہ نصیحتوں پیرایہ تھا جس سے حکومت کی کمیوں اور خرابیوں کی بات ہی نکلتی ہے۔ اگر وہ حالات نہ ہوتوں جن کے لئے نصیحت کی جارہی ہے تو نصیحتیں بے محل ہوں گی لیکن سعدیؔ کی عظمت اس میں پوشیدہ ہے کہ انھوں نے حکومت وقت کی پروا نہ کرتے ہوئے انسانوں کے رنج و غم اور شکایتوں کی ایک فہرست پند و نصائح کی شکل میں مرتب کر دی۔ یہی بات اُن کے کردار کی بلندی، آزادیٔ فکر اور دیانت داری کو واضح کرتی ہے اور قصیدہ کی فکری اور افادی سطح کو بلند بھی بناتی ہے اور ان کا یہ دعویٰ اور انتباہ محض زبانی نہیں رہ جاتا۔

دلیر آمدی سعدیا در سخن . چو تیغے بدست است فتح بکن

اگر قصیدہ کا محاسبہ محض فنی نقطۂ نظر سے کیا جائیگا تو یہ صحیح محاسبہ نہ ہوگا کیونکہ محض فن اپنے گرد و پیش کے حالات سے الگ ہو کر صرف بازی گری رہ جاتا ہے اور جہاں جہاں قصیدہ میں یہ کوشش کی گئی ہے۔ اس بازی گری کی مثالیں دیکھی جاسکتی ہیں۔

بہر حال قصائد کا یہ مختصر سا انتخاب، جو ایک درسی ضرورت کے تحت کیا گیا ہے، قصیدہ کی مکمل تصویر تو پیش نہیں کر سکتا لیکن مرتب نے جس طرح، اس انتخاب کا پیش منظر، تیار کیا ہے، وہ اُنکی محنت، معلومات اور مطالعہ کی پیاس کو ظاہر کرتا ہے اور علم و ادب کی دنیا میں سفر کرنے والے کے لئے یہ زادِ راہ بہت وقیع ہے۔

سید محمد عقیل

۱۵؍ مارچ ۱۹۷۶ء

شعبۂ اُردو، الہ آباد یونیورسٹی، الہ آباد۔

# حرفے چند

فارسی و عربی کی تعلیم کے زوال کے باعث ناشرین عربی و فارسی کی درسی و غیر درسی کتابیں شایع کرنے پر مشکل سے راضی ہوتے ہیں اور ایسی صورت میں طالب علموں کو بسا اوقات سخت دشواریوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ عرصہ سے فارسی قصائد کا انتخاب جو ایم۔اے سال اوّل نیز سال دوم میں شامل نصاب ہے بڑی مشکل سے دستیاب ہو رہا تھا نیز کسی زمانہ میں ان قصائد کے جو ایڈیشن ہوئے بھی تھے وہ پریس کی غلطیوں سے بھرے ہوئے اور بالعموم کسی قسم کی شرح یا قصائد سے متعلقہ معلومات سے خالی تھے۔ اس دشواری کو محسوس کرتے ہوئے میرا خیال تھا کہ ان قصائد کو کسی طرح دوبارہ شایع کیا جائے لیکن کسی ناشر اور ایسے شخص کو آسانی سے پیدا کرنا جو ان قصائد کی ترتیب و نشر کا کام صحت کے ساتھ انجام دے سکے مشکل نظر آرہا تھا کہ شعبہ عربی و فارسی کے ایک ریسرچ اسکالر سید اختر مہدی نے جو ایک ہونہار طالب علم ہیں اور فارسی زبان و ادب سے گہرا شغف رکھتے ہیں اس کام کا بیڑا اٹھالیا اور فارسی ایم۔اے سال اوّل و دوم میں شامل قصائد کو نہایت محنت سے ترتیب دے کر قصائد کے متعلق طالب علموں کو جن معلومات کی ضرورت ہونی چاہیئے وہ بھی اس کتاب میں فراہم کردی ہیں۔ چنانچہ قارئین اکرام اس کتاب میں قصیدے کی اصل تاریخ پر نیز اس کی ساخت و خصائص پر بھی معلومات پائیں گے جس سے امید ہے کہ طالب علموں کے لئے یہ کتاب ہر اعتبار سے مفید ثابت ہو گی۔

۵ر اپریل سنہ ۱۹۷۶ء

پروفیسر سید محمد رفیق
صدر شعبہ عربی و فارسی
الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد

# عرضداشت

عربی وفارسی کی درسی کتابوں کی فراہمی روز بروز ایک اہم مسئلہ بنتی جارہی ہے بلکہ ان زبانوں کے روبزوال ہونے کے دیگر اسباب کے ساتھ ایک اہم سبب یہ بھی ہے کہ کتابیں جو یونیورسٹیوں میں داخل نصاب ہیں آسانی سے دستیاب نہیں ہوپاتیں۔
زیر نظر کتاب "سید گُل" ایک درسی ضرورت کے تحت ترتیب دی گئی ہے۔
الہ آباد یونیورسٹی کے ایم۔اے کورس میں فارسی کے جو قصائد داخل ہیں وہ بڑی مشکل سے حاصل ہوتے تھے بلکہ کسی حد تک ان کا حاصل کرنا دشوار وناممکن ہو چکا تھا کہ استاد محترم پروفیسر محمد رفیق صاحب صدر شعبہ عربی وفارسی نے حکم دیا کہ میں ان قصائد کو جمع کر کے شایع کرنے کی فکر کروں اور خدا کا شکر ہے کہ حکم استاد کی اطاعت میں یہ کام سرانجام ہوا۔

استاد پروفیسر محمد رفیق صاحب کے شکریہ کے ساتھ ہی ساتھ میں اپنے محترم استاد ڈاکٹر محمد عقیل رضوی شعبہ اردو الہ آباد یونیورسٹی کا بصد خلوص و احترام شکر گزار ہوں جنکی ادبی گھرک اور تادیب نے مجھ میں یہ ذوق پیدا کیا کہ میں تصنیف و تالیف کی طرف راغب ہوا۔ بلکہ میں جو کچھ ہوں یا اس کتاب میں جو کچھ ہے وہ سب انھیں اساتذہ کا عطیہ ہے۔ خدا ان کا سایہ ہمارے سر پر باقی رکھے۔

آخر میں استاد محترم جناب حافظ غلام مرتضیٰ صاحب، محترمہ ڈاکٹر شبیر فاطمہ صاحبہ اور ڈاکٹر جعفر رضا صاحب کا شکریہ نہ ادا کرنا ناانصافی ہوگی جو اکثر وبیشتر دعوت تصنیف وتالیف دیا کرتے ہیں۔ فقط والسلام

سید اختر مهدی شعبہ عربی وفارسی
الہ آباد یونیورسٹی۔ الہ آباد۔

۷۸۶

# قصیدہ

قصیدہ لغوی اور اصطلاحی دونوں اعتبار سے عربی زبان کا لفظ ہے اور قصد سے مشتق ہے اور صاحب المنجد کے قول کے مطابق قَصَّدَ الشَّاعِرُ سے مراد ایسے اشعار کا نظم کرنا ہے جن میں کسی کی مدح یا مذمت مقصود ہو اور اس کے لئے کلام کو طول دیا جائے۔ لفظ قصیدہ کے لغوی معنی اور اصطلاحی مفہوم کی وضاحت کے لئے صاحبِ غیاث اللغات کا اقتباس ملاحظہ ہو۔

"قصیدہ در لغت بمعنی مغزِ سطبر و غلیظ و در اصطلاحِ شعرا نظمے کہ ہر دو مصرعِ بیت اول یا مصرعہائے ثانی ابیاتِ دیگر ہم قافیہ باشد و در آں مدح یا ذم، وعظ یا حکایت یا امثالِ آں بیان شود و کمتر از پنزدہ بیت نباشد۔ وجہ تسمیہ ایں است کہ در ایں معنی جلیلہ و کثیرہ مندرج می گردد کہ در مذاقِ طبع مستقیم لذید آید"۔[1]

---

[1] غیاث اللغات صفحہ ۳۹۰

بہر حال لغوی معنی کے لحاظ سے قصیدہ ایک ایسی نظم قرار پاتا ہے جو اپنے مطالب میں پُر مغز ہو اور اگر از روئے حقیقت دیکھا جائے تو یہ ماننا پڑے گا کہ دیگر اصناف سخن میں قصیدہ کو وہی امتیازی شان اور سرفرازی حاصل ہے جو جسم میں سر کو اور سر کے اندر مغز کو۔ شاید یہی وجہ ہے کہ صاحب تجلیاتِ بدر نے میر محمد باقر آگاہ کے دیوان کے دیباچہ کے حوالے سے قصیدہ کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہوئے تحریر فرمایا ہے کہ :—

"در قصیدہ معنیٔ جلیلہ کثیرہ مندرج می گردد کہ در مذاقِ سلیم و طبع مستقیم لذیذ آید۔" [1]

علمائے ادب اور ماہرینِ فن کی اصطلاحی تعریفوں کے مختلف پہلوؤں کو دیکھنے کے بعد یہ اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ قصیدہ ایک ایسی مسلسل اور طویل نظم ہے جو دو مصرعوں کی ہوتی ہے اور جس کا آغاز مطلع سے ہوتا ہے۔ اس کے دونوں مصرعے آپس میں ہم قافیہ اور ہم ردیف ہوتے ہیں۔ مطلع کے بعد کے اشعار اسی وزن اور قافیہ پہ ہوتے ہیں جو مطلع کے اندر قائم کیے گئے ہیں۔ غزل اور قصیدہ کا فرق بیان کرتے ہوئے صاحبِ تجلیاتِ بدر اپنے خیالات کا اظہار یوں کرتے ہیں :—

"غزل اور قصیدے میں بس اتنا فرق ہے کہ غزل مسلسل اور طولانی نہیں ہوتی بلکہ اس کا ہر شعر دوسرے شعر سے

---

[1] تجلیاتِ بدر از ڈاکٹر بدر الحسن عابدی صفحہ ۸

اپنے خیال اور مضمون میں منفرد اور آزاد ہوتا ہے۔ مگر قصیدے کے اشعار تسلسل اور تطویل پر مبنی ہوتے ہیں یعنی اس کا ہر شعر بعد میں آنے والے ہر شعر سے مُرتبط المعنی ہوتا ہے"۔ [۱]

قصیدے کی تعداد اشعار کے سلسلہ میں ماہرین فن کی مختلف رائیں ہیں۔ قصیدہ میں کم از کم یا زیادہ سے زیادہ کتنے اشعار ہوں کہ اس پر قصیدہ کا اطلاق ہو سکے۔ میر محمد باقر آگاہ نے اپنے دیوان کے دیباچہ میں تحریر فرمایا ہے کہ قصیدہ کے اشعار بارہ بیتوں سے زائد ہونے چاہئیں اور پھر وہ فرماتے ہیں کہ اکیس[۱۲] سے زائد اشعار نہ ہوں۔ [۲]

مولوی اصغر علی روحی صاحب دبیر عجم نے قصیدہ کی تعداد اشعار کے سلسلہ میں یوں تحریر فرمایا ہے۔

"قصیدہ پارۂ از اشعار است کہ نیمۂ دیگر ہر شعر از آں بر قافیہ ملتزمہ باشد الا مطلع کہ بر ہر دو نیمۂ آں قافیہ داشتہ باشد و آں شعری است کہ ابتداءِ قصیدہ از انجا کنند و مصرع بودنش لازم است ...... و گفتہ اند کہ کم از پانزدہ شعر نبود و بخیال مؤلف ایں شرط نظر بہ اکثریت ایں مقدار است نہ نظر بہ کلیت آں۔ و از ایں جا است کہ بعضے از ماہرانِ فن بر سہ بیت یا پنج بیت ہم اطلاقِ قصیدہ جائز داشتہ اند"۔ [۳]

---

[۱] تجلیات بدر از ڈاکٹر بدر الحسن عابدی ص ۲ [۲] دیوان آگاہ قلمی ورق ۵۵ [۳] دبیر عجم ص ۲

بہر حال عربی قصائد کی تعداد اشعار کے سلسلہ میں تو مندرجہ بالا خیالات کا اطلاق یوں ہوتا ہے کہ حسان بن ثابت کے دیوان میں بہت سے ایسے قصیدے ہیں جن کی تعداد اشعار تین سے زیادہ نہیں اور طول طویل عربی قصائد کے سلسلہ میں کعب بن زہیر کا قصیدہ بانت سعاد کو بطور نمونہ پیش کیا جا سکتا ہے لیکن فارسی شاعری میں تین یا پانچ اشعار پر مشتمل نظم کو از روئے قصیدہ کسی نے نہیں لکھا بلکہ طولانی قصائد کی فارسی شاعری میں بھرمار ہے۔ خاقانی جیسے قصیدہ گو شعرا نے اکثر و بیشتر سو سو اشعار کے قصیدے لکھے ہیں بلکہ زیادہ تر قصائد مطلع ثانی سے پھر شروع کر دیتے ہیں۔ اشعار قصیدہ کی تعداد کے سلسلہ میں صاحب مؤید الفضلاء کی رائے البتہ قرین قیاس ہے۔

"شعر کہ از جہت کسی گفتہ باشد کذا فی التاج و در اصطلاح فضلا شعر مطول را گویند و تا بست و یک بیت را شعر نامند و چوں از آں زیادت باشد قصیدہ خوانند" [۱]

اگرچہ ہر دور میں کبھی ان اصولوں کی پابندی نہیں کی گئی۔ یعنی جس طرح غزل میں اشعار کی تعداد گھٹتی بڑھتی رہتی ہے یہاں تک کہ شاہ نصیر اور بہادر شاہ ظفر کے یہاں غزل اندر غزل ہو کر سہ غزلے اور چو غزلے بن گئے اسی طرح قصیدہ میں بھی اشعار میں افراط و تفریط کا عمل برابر جاری رہا ہے اس لئے ایسی تعریفوں کو جو اوپر بیان کی گئیں ایک اصولی تعریف سمجھنی چاہیئے۔

تعداد اشعار کے بعد ماہرین ادب نے قصیدہ کے اجزائے ترکیبی بھی

---

[۱] - مؤید الفضلا جلد دوم از مولوی محمد لاد صفحہ ۸۶

بیان کئے ہیں ۔ اجزای ترکیبی کے لحاظ سے قصیدہ کی دو قسمیں ہیں ۔ ۱۔مشبب یا تمہیدیہ ۔ یہ وہ قصیدہ ہے جسمیں تشبیب گریز اور مدح و ذم بالترتیب بیان کئے جائیں ۔ ۲۔ مقتضب ۔ جسے اردو قصیدہ کے ماہرین نے خطابیہ کے نام سے بھی یاد کیا ہے ۔ یہ وہ قصیدہ ہے جس میں شاعر براہِ راست ممدوح کو مخاطب کر کے بغیر کسی تمہید کے مدح شروع کر دے اور عرضِ مدعا بھی کرے ۔ فارسی میں زیادہ تر مشبب قصیدے ملتے ہیں اور مشبب قصیدوں کے اجزائے ترکیبی مندرجہ ذیل ہیں ۔

۱۔ مطلع بتسمویت تشبیب ۔ تشبیب کو تمہیدی کلام کہنا چاہیے اس کا آغاز مطلع سے ہوتا ہے ۔ فارسی قصیدہ گو شعرا نے تشبیب میں فطرت کے دلفریب مناظر کی عکاسی کو بڑی حد تک جگہ دی ہے ۔ تشبیب دراصل عربی قصیدوں سے آئی جس میں شاعر شبابیات کا ذکر کرتا تھا اور ضمن میں ساقی نامہ، بہار سبھی کچھ نظم کرتا تھا ۔ عربوں نے تشبیب کا دوسرا نام نسیب بھی رکھا تھا لیکن جیسے جیسے قصیدہ اپنی تاریخ کی منزل میں آگے بڑھتا گیا ۔ تشبیب محض شبابیات کا تذکرہ نہ رہ گئی بلکہ اس میں شاعر کو یہ آزادی ملی کہ وہ شبابیات سے لے کر انسانی زندگی کے جتنے بھی موضوعات ہو سکتے ہیں سب کو نظم کر سکتا ہے چنانچہ شکایت زمانہ فلسفیانہ خیالات ، حقانی باتیں غرضکہ تقریباً ہر موضوع کو تشبیب میں سمونے کی کوشش کی گئی اور اس طرح تشبیب قصیدہ میں شاعر کو جہاں پابند کرتی ہے وہ اُسے اظہار خیال کے لئے آزادی بھی کرتی گئی لیکن استادی شاعر کی یہ تھی کہ جب وہ گریز کی طرف جائے تو اپنے خیالات کا سلسلہ اس مہارت سے گریز سے منسلک کر دے

کہ وہ مضامین اوپر سے جڑے ہوئے کو ہاں نہ معلوم ہوں بلکہ گریز، مدح سے خیالات کا سلسلہ ملا دے۔ یہاں تشبیب کے چند نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔ فرخی نے قصیدہ کی تشبیب میں ابر کی بڑی دلکش تصویر کھینچی ہے اور بڑی لطیف تشبیہوں سے کام لیا ہے۔

برآمد نیلگوں ابری ز روی نیلگوں دریا  چو رائی عاشقاں گرداں چو طبع بیدلاں شیدا
چو گرداں گشتہ سیلابی میانِ آب آسودہ  چہ گرداں گرد بادی تند گردی تیرہ اندروا
ببارید و ز ہم بگسست و گرداں گشت بر گردوں  چو پیلانِ پراگند میانِ آبگوں صحرا
تو گفتی گرد زنگار است بر آئینۂ چینی  تو گوئی موئی سنجابست بر پیروزہ گوں دیبا
بسان مرغزار سبز رنگ اندر شدہ گردش  بیک ساعت ملون کردہ روئی گنبدِ خضرا
تو گفتی آسماں دریاست از سبزی و بر رویش  بپرواز اندر آوردہ است ناگہ بچگان عنقا

متاخرین میں قاآنی تشبیب نگاری کا بادشاہ ہے۔ شاعر بہار کی قدرتی دلفریب روح اور اس کی ساری رعنائی و زیبائی کی تصویر الفاظ میں اتار کر رکھ دیتا ہے۔ اس کے قصائد کی تشبیب سے ظاہر ہوتا ہے کہ خود شاعر بھی صبح کے دلفریب منظر سے متاثر ہو جاتا تھا۔ اور اس تاثر کو اس نے نہایت جوش و خروش کے ساتھ الفاظ کے قالب میں ادا کیا ہے۔ اس بہار پرست شاعر کے قصائد کی ہر تشبیب مندرجہ بالا خصوصیات کی حامل ہے۔ اس کے مشہور قصیدہ کی تشبیب کے چند اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں جو اس نے علی بن موسیٰ الرضا کی مدح میں لکھا ہے۔

بگردوں تیرہ ابری بامداداں بر شد از دریا  جواہر خیز و گوہر ریز و گوہر بیز و گوہر زا

چو چشمِ اہرمن خیرہ چو روی زنگیان تیرہ | شدہ گفتی ہمہ چیرہ بمغزش علتِ سودا
شبہ گون چون شبِ غاسق گرفتہ چون دلِ عاشق | باشکِ دیدۂ وامق برنگِ طرۂ عذرا
تنش با قیر آلودہ دلش از شیر آلودہ | برون پر سرمۂ سودہ درون پر لؤلؤ لالہ
بدل گلشن بتن زنداں گہی گریاں گہی خنداں | چون در بزمِ طرب رنداں ز شورِ نشأ صہبا
چو دودی بر ہوا رفتہ چو دیوی مست و آشفتہ | زدہ بس درِ نا سفتہ ز مستی خیرہ بر خارا
شدہ خورشید نور افشاں تباری جرم او پنہاں | چو شاہِ مصر در زنداں چو ماہِ چرخ در ظلما
و یا در تیرہ چہ بیژن نہفتہ چہرۂ روشن | دیار روشن گہر بہمن شدہ در کامِ اژدرہا

۲- **گریز یا تخلص** - قصیدہ میں اجزای ترکیبی کے لحاظ سے تشبیب کے بعد گریز کی منزل آتی ہے۔ اس کو ماہرینِ ادب نے تخلیص اور رجوع کے نام سے بھی یاد کیا ہے۔ اس کی صورت یہ ہے کہ تشبیب کے بعد بلا قصد و ارادہ دفعتاً شاعر ممدوح کی مدح کرنے لگتا ہے اور تشبیب کے موضوع کو توڑے بغیر اسے مدح کے سلسلے سے ملا دیتا ہے یعنی گریز کا شعر تشبیب اور مدح کے اشعار کے مابین رابطہ پیدا کر دیتا ہے۔ اس کے لئے شاعر کو بڑی توجہ اور اہتمام خاص سے کام لینا ہوتا ہے اور گریز کے شعر میں ہی شاعر اپنے فکر کی جولانی اور قوتِ بیان کا مظاہرہ کرتا ہے اور گریز ہی کی خوبی سے قصیدہ میں ایک خاص لطف پیدا ہو جاتا ہے۔ گریز کا معیار یہ ہے کہ وہ جس قدر مختصر ہو اتنا ہی اچھا ہے۔ اگرچہ شعرائے مابعد نے اس پر سختی سے پابندی نہیں کی اور بعض شعرائے یہاں گریز بھی لمبی ملتی ہے لیکن اچھی گریز کا معیار اس کا اختصار ہی ہے۔ قاآنی نے حضرت علی بن موسی الرضا کی شان میں لکھے گئے قصیدہ میں تشبیب کے بعد مدح کی طرف

اس طرح گریز کیا ہے کہ پڑھنے والے کو اس کا احساس تک نہیں ہو پاتا۔

تشبیب :۔

چو در ہاموں چو در بستاں صف اندر صف زدہ ریحاں — زیکسو لالۂ نعماں زیکسو نرگس شہلا
تو گوئی اہلِ یک کشور برہنہ پا برہنہ سر — چماں در خشکسال اندر بہاموں بہرِ استسقا

گریز :۔

بہ چمن از فرّ فروردیں چناں تازاں بدشت چیں — کہ طوس از فرّ شاہ دیں برایں نہ گنبدِ خضرا

مدح :۔

ہزبر بیشۂ امکاں نہنگِ لجۂ ایماں — ولی ایزد منّان علیِّ عالیِ اعلاء
امامِ ثامن و ضامن حریمش چوں حرم آمن — زمیں از حزم او ساکن سپہر از عزم او پویا

۳۔ **مدح یا ذم** ۔ ممدوح کی مدح قصیدہ کا اصل موضوع ہے۔ اس کے ذریعہ شاعر اپنے ممدوح سے طلب انعام و اکرام کرتا ہے اور ممدوح کے اوصاف بیان کرنے میں جس قدر قوّت فکر کا استعمال کر سکتا ہے کسی طرح کی کسر اٹھا نہیں رکھتا اور ڈھونڈ ڈھونڈھ کر اپنے ممدوح میں ایسے اوصاف دکھاتا ہے جو دوسروں میں نہیں ملتے۔ فارسی قصائد میں ممدوح کی مدح کا خاص خیال رکھا گیا ہے اور شعرا نے اپنے زورِ طبع کا مظاہر بھی خوب کیا ہے۔ اگرچہ مدح کا بھی ایک معیار ہے۔ مدح ممدوح کے شایانِ شان ہونی چاہئے۔ ایسا نہ ہو کہ ممدوح اس کا قطعی اہل نہ ہو کیونکہ ایسی مدح بجائے مدح کے ہجو ملیح ہو جاتی ہے۔ نیز اس بات کا بھی خیال کرنا چاہیئے کہ اگر قصیدہ کسی بزرگ دین کی شان میں لکھا گیا ہے تو اس کی مدح میں ایسی باتیں نہ پیدا ہو جائیں کہ وہ

ایک عامی اور دنیادار آدمی معلوم ہونے لگے اور اس کے برعکس کسی بادشاہ یا دنیاوی ہستی کی ایسی تعریف نہ کی جائے کہ وہ اولیا اللہ یا پیغمبروں کے مرتبہ پر پہونچ جائے۔ حالی نے مقدمۂ شعر و شاعری میں مدح کے سلسلہ میں ایک بڑی دلچسپ بات لکھی ہے کہ مدح کا معیار یہ بھی ہونا چاہیئے کہ ایسی تعریف یا ہجو کی جائے کہ اگر ممدوح یا جس کی ہجو لکھی گئی ہے ازالۂ حیثیت عرفی کے سلسلہ میں مقدمہ دائر کرے تو اس کا کوئی جرم ثابت نہ ہو سکے۔ قاآنی کے قصیدے کے چند مدحیہ اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں۔ جس میں شاعر نے ممدوح کے دیگر کمالات کی مدح سرائی کی ہے۔

ملک مستِ جمالِ او فلک محو کمالِ او — زدریائے نوالِ او جہانی لجہ خضرا

زماں را عدلِ او زیور جہاں را ذاتِ او مفخر — زماں را او زماں پیرو جہاں را او جہاں پیرا

زقدرش عرش مقداری زصنعش خاک آثاری — بباغ شوکتش خاری ریاض جنت الماویٰ

امل را جود او مرجع اجل را قہر او مصنع — فلک را قدر او مرجع ملک را صدر او ملجاء

رضائی او رضائی حق قضائی او قضائی حق — دلش از ماسوای حق گزیدہ عزلت عنقا

۴۔ **دعا اور حسن طلب** ۔ مدح کے بعد شاعر ممدوح کے حق میں دعائیہ کلمات نظم کرتا ہے اور پھر اس کے بعد اپنا مدعا بھی بیان کرتا ہے۔ اس فن میں قصیدہ نگاروں نے خوب خوب کمالات دکھائے ہیں۔ عرفی کہتا ہے کہ:۔

زحالِ خویش کنوں چند بیت خواہم گفت
کہ شاعراں را آں ہست سنتِ مسنون

حسن طلب کے سلسلہ میں صاحب شمع انجمن کی رائے سے متفق ہونا کسی حد تک لازمی ہے۔

"حسن طلب کہ شاعر در استحصال مقصد از ممدوح نوعے از سحر بیانی و افسون کاری بہ عمل آرد و بہ وجہیکہ بخیل را کریم و ممسک را سخی گرداند" [۱]

**۵۔ مقطع یا خاتمہ** ۔ دُعا کے بعد قصیدہ میں خاتمہ کی منزل آتی ہے۔ جہاں سے شاعر اپنا سلسلۂ کلام ختم کرتا ہے اور یہی قصیدہ کا اختتام بھی ہے۔ کبھی کبھی شاعر آخری اشعار میں اپنا تخلّص بھی نظم کرتا ہے اگرچہ قصیدہ کے لئے یہ لازمی نہیں کہ آخری شعر میں ہی تخلّص نظم کیا جائے جیسا کہ غزل میں تقریباً لازمی ہے بلکہ قصیدہ میں شاعر اپنا تخلّص چار یا پانچ اشعار سے پہلے بھی نظم کر سکتا ہے اور آخر میں بھی۔ اکثر فارسی قصیدہ نگاروں نے دُعا سے پہلے کے اشعار میں بھی تخلّص نظم کیا ہے۔ معیار مقطع کے سلسلے میں صاحب تجلّیات بدر کی مندرجہ ذیل رائے ہے۔

"مقطع میں تخلّص کی معنوی حیثیت سے فائدہ اٹھانا اور صفت ایہام کے ساتھ اس کو نظم کرنا مقطع کو دلکش بنا دیتا ہے" [۲]

موضوع زیر بحث کی اور زیادہ وضاحت کے لئے ذیل میں فارسی قصیدہ نگاری کی ایک مختصر تاریخ پیش کی جاتی ہے۔

---

۱۔ شمع انجمن ص ۲۲ ۲۔ تجلّیات بدر از ڈاکٹر بدر الحسن عابدی ص ۴۶

# فارسی قصیدہ نگاری کی اجمالی تاریخ

ایران میں جس زمانے میں شاعری کا آغاز ہوا عرب کی شاعری مدحیہ قصائد سے بخوبی آشنا تھی ۔ چنانچہ شعرائے ایران نے انھیں کی تقلید کرتے ہوئے فارسی زبان میں قصیدے لکھنے شروع کئے اس کے علاوہ اس کا ایک دوسرا اہم سبب یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ شعرائے ایران کو دیگر اصناف سخن کی بہ نسبت صلہ و انعام کی امید صرف قصیدہ سے ہو سکتی تھی اور دربار شاہی تک پہونچنے کا واحد ذریعہ صرف قصیدہ تھا لہذا فارسی شاعری کی ابتدا قصیدہ گوئی سے ہوتی ہے ۔

فارسی کے قدیم ترین تذکروں کا مطالعہ کرنے کے بعد عہد اسلامی میں فارسی قصیدہ نگاری کا سلسلہ دوسری صدی ہجری تک پہونچ جاتا ہے ۔ اس سلسلہ میں صاحب تذکرۂ لباب الالباب[۱] عوفی یزدی نے عباس مروزی کا نام لیا ہے اور ماموں رشید کی مدح میں لکھے گئے قصیدہ کو اس سے منسوب کیا ہے جس میں شاعر نے اپنی قصیدہ گوئی کے بارے

---

۱۔ تذکرہ لباب الالباب از عوفی یزدی طبع ایڈورڈ براؤن ص۲۱ جلد اوّل

میں فخریہ لکھا ہے کہ ؎

کس بدیں منوال پیش از من بریں شعری نگفت
مر زبانِ فارسی راہست تا ایں نوع بیں

لیکن عباس مروزی کے ان مدحیہ اشعار کی سادگی اور برجستگی کی وجہ سے یہ اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ یا تو یہ اشعار عباس مروزی کے نہیں ہیں اور اگر ہیں بھی تو بقول محمود شیرانی[1] ان اشعار پر متاخرین کی اصلاح کا رنگ غالب ہے اور بقول عبدالوہاب قزوینی

"علاوہ بر آنکہ آثار وضع و تجدد بر وجنات ایں اشعار لایح تر از آنست کہ ہیچکس را کہ بہرہ از ذوق سلیم ادبی باشد درآں شکی عارض تواند شد"[2]

غرضکہ قرون وسطی کے تذکرہ نگاروں کے اجماعِ عام کے باوجود یہ بات کسی حد تک پایۂ ثبوت کو پہونچ چکی ہے کہ یہ اشعار عباس مروزی کے نہیں ہیں اور ناقدین ادب نے اس کے بہت سے داخلی وظاہری ثبوت پیش کئے ہیں۔

عباس مروزی کے علاوہ کچھ لوگوں نے اولین فارسی شعرا میں حکیم ابوحفص بن احوص کا نام اور اس کی مندرجہ ذیل بیت کو بطور حوالہ

---

[1] تنقید شعر العجم از محمود شیرانی ص ۳۱

[2] بست مقالہ قزوینی ص ۳۴

پیش کیا ہے ؎

آہوی کوہی در دشت چگونہ دودا
یار ندارد بی یار چگونہ رودا

لیکن بقول صاحب المعجم فی معاییر اشعار العجم یہ تیسری صدی ہجری تک بقید حیات تھا تو کیسے ممکن ہے کہ اسے اولین شاعر فارسی تسلیم کر لیا جائے کیونکہ رودکی (متوفی ۳۲۹ ہجری) اس وقت زندہ تھا جب کہ رودکی سے پہلے بھی بہت سے فارسی شاعر گزرے ہیں۔

غرضکہ کتب تاریخ فارسی ادب کے مطالعہ کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ اسلامی دور میں فارسی شاعری یا قصیدہ نگاری کی ابتدا عہد سامانیہ سے ہوتی ہے اور رودکی جیسا با عظمت صاحب دیوان شاعر عہد سامانیہ کا ہی عطیہ ہے۔ یہ وہ دور ہے جب امرا و خلفا کی شان میں ثنا گستری کا باقاعدہ رواج ہو چکا تھا اور عربی قصیدہ نگاری اپنی روایتی پابندیوں سے آزاد ہو چکی تھی۔ قدیم اسالیب ترک کئے جا چکے تھے اور اس زمانے کے شہری ماحول سے موضوعات و خیالات کا انتخاب کیا جاتا تھا اور قصیدہ میں حقیقت نگاری، جو عربی قصائد کی ایک اہم خصوصیت ہے وہ کم و بیش باقی نہ رہ گئی تھی۔

رودکی سے پہلے اور اس کے ہمعصروں میں بہت سے قادر الکلام شاعر گزرے ہیں عوفی یزدی نے اپنے تذکرہ لباب الالباب میں ایسے ستائیس شاعروں کے نام گنائے ہیں جو عہد سامانیہ میں رودکی سے پہلے

اور اس کے بعد گزرے ہیں اور مشہور شعرا میں ابو شکور بلخی کا نام لکھا ہے۔ یہ شاعر سامانی دور کے وسط میں گزرا ہے اور نوح بن نصر کے دربار سے متعلق تھا۔ بہرصورت عہد سامانی میں جو شہرت اور مقبولیت رودکی کو حاصل ہوئی دوسرے شعراء کو نہیں اور اکثر تذکرہ نگاروں کی اتفاق رائے ہے کہ رودکی نے سب سے پہلے دیوان مرتب کیا۔ محمود شیرانی تنقید شعر العجم میں رودکی کو فارسی قصیدہ نگاری کا موجد قرار دیتے ہوئے یوں رقمطراز ہیں۔

"فارسی میں قصیدہ نگاری جو بارگاہ سلاطین میں شاعر کی رسائی کا بدیہی نتیجہ ہے رودکی سے شروع ہوتی ہے اور اسی بنیاد پر رودکی کو آدم الشعرا کہا جاتا ہے[1][2]۔

علامہ شبلی نے رودکی کی قصیدہ نگاری سے بحث کرتے ہوئے اپنے خیالات کا اظہار یوں کیا ہے۔

"قصیدہ کا جو طریقہ رودکی نے قائم کیا وہ آج تک قائم ہے یعنی ابتدا میں تشبیب یا بہاریہ وغیرہ پھر بادشاہ کی مدح کی طرف گریز، جود و سخا، عدل و انصاف شجاعت و دلیری کا ذکر پھر دعائیہ[3]

رودکی قصیدہ کا استاد تھا۔ اُس کے قصائد میں بلا کا تسلسل پایا

---

[1] ۔ محمود شیرانی نے غالباً فارسی شاعری کے متعلق یہ بات کہی ہے۔

[2] ۔ تنقید شعر العجم از محمود شیرانی ص ۱۳ [3] شعر العجم از شبلی نعمانی ص جلد اول

جاتا ہے۔ اس کے قصائد میں مبالغہ اور پیچیدہ خیالات کا نام و نشان نہیں۔ اس کے قصائد کی خاص اور اہم خصوصیت سادگی اور ہر حال میں متانت اور سنجیدگی ہے۔ مبالغہ و غلو نیز ضائع لفظی و معنوی جیسی مقبول عام راہوں کا اس نے قطعی اتباع نہیں کیا۔ رودگی کا مشہور قصیدہ جو اس نے امیر بو جعفر احمد صفاری کی مدح میں لکھا ہے مندرجہ ذیل مطلع سے شروع ہوتا ہے۔

مادری را بکرد باید قربان
بچۂ او را گرفت و کرد بزندان

یہ قصیدہ اس وقت لکھا جب کہ بادشاہ نصر بن احمد سامانی نے اسے اپنی مجلس میں یاد کیا تھا۔ یہ قصیدہ سبک خراسانی کی طرح سادہ اور محکم ہے اور ایسی فرضی اور مصنوعی مدح سرائی جو رودکی کے بعد قصیدہ کا جزو خاص بن گئی اس قصیدہ میں نظر نہیں آتی۔ اس کے علاوہ اس کے دیوان میں ایک اور اہم قصیدہ ہے جس میں اس نے حالت جوانی اور ضعف پیری کا نقشہ کھینچا ہے۔ قصیدہ کا آغاز یوں کرتا ہے۔

مرا بسود فرو ریخت ہر چہ دنداں بود
نبود دنداں لا بل چراغ تاباں بود
سپید سیم زدہ بود و دُرّ و مرجاں بود
ستارۂ سحری بود و قطرہ باراں بود

رودکی کے قصائد میں اس وقت کچھ اور زور پیدا ہو جاتا تھا

جب وہ چنگ بجاکر اور گاکر بادشاہ کے سامنے قصیدہ پیش کرتا تھا۔ اس سلسلہ میں اس کے ایک قصیدہ[1] کا یہ مطلع زبان زد خاص عام ہے جس کے اثر سے بادشاہ نصر بن احمد سامانی سفر کو ترک کر کے بخارا واپس آگیا تھا۔ مطلع

بوی جوی مولیاں آید ہمی
یاد یارِ مہرباں آید ہمی

رودکی کے بعد عہد سامانی کے دوسرے شاعروں میں دقیقی طوسی کا نام قابلِ ذکر ہے جس نے فارسی قصیدہ میں ایک خاص روش کی ایجاد کی۔ اسکے قصائد میں پختگی اور صفائی پائی جاتی ہے۔ اس نے اپنے قصائد میں ممدوح کی مدح کے علاوہ پند و نصیحت کو بھی جگہ دی ہے۔ وہ صرف ممدوح کے اندر پائی جانے والی صفات کی مدح نہیں کرتا بلکہ دیگر صفات جو ممدوح میں نہیں پائی جاتیں ان کے حاصل کرنے کی دعوت دیتا ہے۔ مندرجہ ذیل قصیدہ میں اس نے اپنے ممدوح کو دلیری، سخاوت اور خرد جیسی صفات کو حاصل کرنے کی صلاح دی ہے۔

زدو چیز کردند مر مملکت را   یکے پرنیانی یکی زعفرانی

---

[1] ترجمۂ تاریخ ادبیات ایران ص۲۶ میں رضا زادہ شفق نے رودکی کے ان اشعار کو قصیدہ کہا ہے اور پہلے شعر کو لفظ مطلع سے یاد کیا ہے حالانکہ بعد کی تحقیق سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچ چکی ہے کہ رودکی کے ان اشعار پر بجائے قصیدہ کے قطعہ کا اطلاق ہوتا ہے۔ راقم الحروف

یکی زر نام ملک بر نوشته — دگر آهن آب دادهٔ یمانی
کرا بویهٔ وصلت ملک خیزد — یکی جنبشی بایدش آسمانی
زبانی سخن گوئی و دستی گشاده — ولی همش کینه همش مهربانی
که ملکت شکاریست کو را نگیرد — عقاب پرنده نه شیر ژیانی
دو چیز است کو را به بند اندر آرد — یکی تیغ هندی دگر زر کانی
بشمشیر باید گرفتن مر او را — بدینار بستنش پای ار توانی
کرا بخت و شمشیر و دینار باشد — و بالا تن تهم و نسبت کیانی
خرد باید آنجا و جود و شجاعت — فلک کی دهد مملکت رایگانی

اس کے علاوہ امیر ابو سعد مظفر کی مدح میں اس کا مندرجہ ذیل قصیدہ بھی سادگیٔ کلام اور حسنِ بیان کے لحاظ سے اچھے قصیدوں میں شمار ہوتا ہے۔ رودکی کی طرح اس کا یہ قصیدہ تکلف، آورد اور مبالغہ آرائی سے منزلوں دور ہے۔

پری چہرہ بتے عیار دلبر
نگارے سرو قد ماہ منظر

رودکی اور دقیقی طوسی جیسے بلند ترین شاعروں کے علاوہ سامانی دور میں کسائی مروزی بھی ایک ممتاز اور بلند ترین قصیدہ گو شاعر تھا اور بقول رضا زادہ شفق "

"کسائی پہلا فارسی شاعر ہے جس نے دینی قصائد اور حکیمانہ اشعار لکھے اور اخلاقی پند و نصائح کو نظم کا

جامہ پہنایا"۔[1]

مذہبی قصائد کے علاوہ اس نے بہت سے ایسے قصیدے لکھے ہیں جو بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ایسے قصائد میں وہ قصیدہ بھی ہے جو اُس نے خود اپنے حال پر لکھا ہے۔ شاعر نے اس قصیدہ میں دنیا کی بے ثباتی و فنا پذیری اور ایام جوانی کی برق رفتاری اور ضعفِ پیری پر اظہارِ تاسف کیا ہے اس کے قصیدہ کے کچھ اشعار یہ ہیں۔

بہ سی صد و چہل و یک رسید نوبتِ حال ‏ ‏ ‏ ‏ چہار شنبہ و سہ روز باقی از شوال

بیامدم بہ جہاں تا چہ گویم و چہ کنم ‏ ‏ ‏ ‏ سرود گویم و شادی کنم بہ نعمت و مال

ستور وار بدینساں گذاشتم ہمہ عمر ‏ ‏ ‏ ‏ کہ بردہ گشتہ فرزندم و اسیر عیال

بکف چہ دارم ازایں پنجۂ شمردہ تمام ‏ ‏ ‏ ‏ شمار نامۂ با صد ہزار گونہ وبال

من ایں شمار بآخر چگونہ وصل کنم ‏ ‏ ‏ ‏ کہ ابتداش دروغست و انتہاش خجال

درم خریدۂ آزم ستم رسیدۂ حرص ‏ ‏ ‏ ‏ نشانۂ حدثانم شکارِ ذُلِ سوال

دریغ فرِ جوانی دریغ عمرِ لطیف ‏ ‏ ‏ ‏ دریغ صورتِ نیکو دریغ حسن و جمال

کجا شد آں ہمہ خوبی کجا شد آں ہمہ عشق ‏ ‏ ‏ ‏ کجا شد آں ہمہ تیر و کجا شد آں ہمہ حال

سرم بگونۂ شیر است و دل بگونہ قیر ‏ ‏ ‏ ‏ رُخم بگونہ نیلست و تن بگونہ نال

نہیب مرگ بلرزاندم ہمی شب و روز ‏ ‏ ‏ ‏ چو کودکان بد آموز را نہیب دوال

گذشتیم و گذشتیم و بودنی ہمہ بود۔ ‏ ‏ ‏ ‏ شدیم و شد سخنِ ما فسانۂ اطفال

---

[1] تاریخ ادبیات ایران از رضازادہ شفق ص۵۵۔

ایا کسالی پنجاه بر تو پنجه کرد ارد — یکند بال ترا زخم پنجهٔ و چنگال
تو گر بمال و امل بیش ازایں نداری میل — جدا شو از امل و گوش وقت خویش بمال

غرضکہ مجموعی حیثیت سے سامانی دور کی قصیدہ نگاری فطری شاعری سے قریب رہی ہے۔ شعرا اپنی بات سادہ مگر پر اثر انداز میں کہتے تھے اور مدح کرتے وقت کم و بیش وہی باتیں کہتے تھے جو ممدوح میں پائی جاتیں یا جن کی ایک اچھے حکمراں سے توقع کی جا سکتی ہو۔

سامانیوں کے بعد ادبیات ایران کی تاریخ میں دور غزنوی کا آغاز ہوتا ہے۔ اس دور میں فارسی شاعری میں پختگی آگئی۔ مدحیہ قصائد نے رواج عام کی منزلیں اسی دور میں طے کیں۔ اس دور کے قصیدوں میں تاریخی واقعات اور عصری حالات بدرجہ کثرت پائے جاتے ہیں بلکہ اس دور کے قصائد کو تاریخی واقعات کا آئینہ کہا جائے تو مبالغہ نہ ہوگا۔ اس دور کے مشہور قصیدہ نگاروں میں عنصری عسجدی، فرخی اور منوچہری کا شمار ہوتا ہے۔

عنصری کے قصائد میں زیادہ تر ایسے قصیدہ ہیں جو اس نے سلطان محمود غزنوی اس کے بھائی امیر نصر اس کے بیٹے سلطان مسعود اور اس کے بھائی امیر یوسف کی مدح میں لکھے ہیں اور مدح کے ضمن میں انکی فتوحات اور دیگر کارناموں کا تفصیل کے ساتھ ذکر کیا ہے اور حقیقت تو یہ ہے کہ عنصری نے اپنے قصائد میں دقیق معانی کو بہترین پیرایہ اور محکم بندش میں ادا کیا ہے۔ عنصری کے اس قصیدہ میں جو

آیا شنیدہ ہنرہائے خسرواں بخبر — بیا ز خسرو مشرق عیاں ببیں تو ہنر

سے شروع ہوتا ہے۔ محمود غزنوی کی علم دوستی، ادب نوازی، شعرا پروری کا ذکر کیا گیا ہے۔ اس کے بعد اس کی لڑائیوں کی عکاسی کی گئی ہے۔ قصیدہ کے پڑھنے کے بعد اندازہ ہوتا ہے کہ محمود کے دور میں دو مخالف فوجیں کس طرح معرکہ آرائی کرتی تھیں اور دوران جنگ کس کس طرح کے ہتھیار کا استعمال ہوتا تھا۔

عنصری نے قصیدہ میں سوال وجواب کا ایک نیا طریقہ ایجاد کیا۔ اس کے دیوان میں اکثر و بیشتر ایسے قصائد ملتے ہیں جس میں اُس نے قصیدہ کے تمام لوازمات کو پورا کرتے ہوئے ممدوح کی مدح کی ہے۔ قصیدہ میں تشبیب بھی ہے گریز بھی، مدح بھی ہے اور دُعا بھی لیکن اس نے چاروں اجزاء کو سوال وجواب کے انداز میں پورا کرنے کی کوشش کی ہے اور کسی حد تک کامیاب بھی رہا ہے۔ قصیدہ کا آغاز

ہر سوالے کزاں لگی سیراب
دوش کردم مرا بداد جواب

سے ہوتا ہے۔ تشبیب میں عاشق محبوب سے مختلف انداز میں سوال کرتا ہے کہ تمھیں یہ حُسن بے پناہ کہاں سے حاصل ہوا؟ محبوب اس کے ہر سوال کا جواب بڑے پر لطف انداز میں ادا کرتا ہے۔ خلاصہ جواب یہ ہے کہ جہاں سے تمھیں پریشانیاں ملیں اور ممدوح کی مدح کی جانب مندرجہ ذیل اشعار کے سہارے گریز یوں کرتا ہے :۔

گفت از جیست روے راحت من

گفت ہردم زرد ہے خسرو شاب
گفتم آں میر نصر ناصر دین
گفت آں مالکِ قلوب و رقاب

قصیدہ کا خاتمہ دعائیہ انداز میں اس طرح کرتا ہے

گفتم اورا چہ خواہم از ایزد
گفت عمر دراز و دولتِ شاب

سوال و جواب کے طرز کا دوسرا قصیدہ بھی بہت مشہور ہے۔ اس قصیدے میں عنصری نے زاغ و باز کا مناظرہ بڑی خوش اسلوبی و مہارت سے کیا ہے۔ صاحبِ سخن و سخنوراں نے عنصری کے اس قصیدہ پہ اپنی رائے کا اظہار یوں کیا ہے۔

"مناظرہ عبارت از آنست کہ دو تن در باب دو موضوع از روئے نظر و استدلال بحث کنند و ہر یک محاسنِ موضوع کہ برگزیدہ و معائبِ موضوع مقابل را برشمارد و بر اثر ایں بحث و نظر فضیلتِ مطلوبِ خویش را ثابت و خصم را از جواب عاجز کند ..... [1]

قصیدہ کے چند اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں جن سے ناظرین خود بھی اندازہ لگا سکیں کہ عنصری اپنے اس طرز میں کہاں تک کامیاب رہا ہے۔

---

[1] سخن و سخنوران از بدیع الزماں خراسانی۔ ص ۸۹

میانِ زاغِ سیاه و میانِ بازِ سفید — شنیده ام ز حکیمے حکایتِ دلبر
به باز گفت همی زاغ هر دو یارانیم — که هر دو مرغیم از جنس و اصل یک دیگر
جواب داد که مرغیم جُمله بجائے هنر — میانِ طبعِ من و تو میانه است نگر
خورند از آنکه بماند ز من ملوکِ زمین — تو از پلیدی و مردار پر کنی ژاغر
ز راحتست مرا رنگ و رنگِ تو ز عذاب — که من بفالِ ز معروفم و تو از منکر

عنصری کے ہمعصروں اور محمود غزنوی کے دربار کے مشہور ترین شاعروں میں ایک عسجدی بھی تھا۔ اس نے متعدد مدحیہ قصائد لکھے ہیں۔ اس کے قصیدوں میں اس دور کی ساری خوبیاں بدرجہ اتم پائی جاتی ہیں۔ بعض تذکرہ نگاروں نے اس کے مندرجہ ذیل قصیدہ کی بڑی تعریف کی جسے اس نے فتح سومناتھ کے متعلق لکھا ہے۔

تا شاه خسروان سفر سومنات کرد — کردار خویش را علمِ معجزات کرد
آثار روشنِ ملکان گذشته را — نزدیک بخردان همه از مشکلات کرد
محمود شهریار کریم آنکه ملک را — بنیاد بر محامد و بر مکرمات کرد
شطرنجِ ملک باخت ملک با هزار شاه — هر شاه را بلعبِ دگر شاه مات کرد
شاها تو از سکندر بیشی از آں جهت — کاو هر سفر که کرد بدیگر جهات کرد
عین الرضاء ایزد جوئی تو در سفر — باز او سفر بجستن عین الحیات کرد

عسجدی کے علاوہ غزنوی دور کے مشہور قصیدہ نگاروں میں غضائری رازی کا بھی شمار کیا جا سکتا ہے۔ یہ خصوصاً بہاء الدولہ دیلمی کا مداح تھا اور اکثر تذکرہ نویسوں نے اسے دیلمی دربار کا درباری شاعر بھی لکھا

ہے۔ اس نے اپنے قصائد میں بڑی مبالغہ پروری اور تکلف سے کام لیا ہے۔ سلطان محمود کی مدح میں اس کا ایک قصیدہ بڑی شہرت اور مقبولیت خاص کا حامل ہے جس کا مطلع یہ ہے

اگر کمال بجاہ اندر است جاہ بمال
مرا بہ ببیں کہ ببینی کمال را بکمال

عسجدی اور عنصری کے بعد فارسی قصیدہ نگاری میں فرخی کا نام آتا ہے۔ یہ اپنے وقت کا بہت بڑا قصیدہ گو تھا اور یہی سبب تھا کہ محمود غزنوی کے دربار میں اُسے بہت جلد بلند مقام مل گیا اور اس نے دولت کثیر حاصل کی سبھی تذکرہ نگار متفق ہیں کہ فرخی محمود غزنوی کا مقرب بارگاہ تھا اور اس نے بڑے بڑے انعامات حاصل کئے ہیں اور شاید اس کے تقرّب اور مقبولیت کا سب سے اہم راز اس کے وہ قصائد جو اس نے سلطان، اس کے بیٹے اور بھائیوں کی مدح میں لکھے ہیں۔

فرخی کے قصیدوں کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس کے قصیدوں کی ابتدا پر جوش اشعار سے ہوتی ہے جو زیادہ تر عشقیہ رنگ پر مبنی ہوتے ہیں۔ اس کے قصائد کی تشبیب میں فطری مناظر، بہار کی زیبائی اور معشوق کی بے پناہ مدح سرائی دکھائی دیتی ہے اور یہی سبب ہے کہ تشبیب نگاری میں فرخی اپنے معاصرین میں ممتاز و نمایاں نظر آتا ہے۔ سلطان محمود کی مدح میں لکھے گئے قصیدہ کی تشبیب کے چند اشعار بطور نمونہ مندرج کئے جاتے ہیں جس میں اس نے بہار کا منظر، نسیم گل،

نغمۂ قمری و بلبل کو بڑے لطیف اور دلنشیں پیرایہ میں ادا کیا ہے۔

بدیں خرمی جہاں بدیں تازگی بہار — بدیں روشنی شراب بدیں نیکوی نگار
یکی چوں بہشت عدن یکی چوں ہوای دوست — یکی چوں گلاب بلخ یکی چوں بت بہار
زمیں از سرشک ابر ہوا از نسیم گل — درخت از جمال برگ سرکہ ز لالہ زار
یکی چوں پرند سبز یکی چوں عبیر خوش — یکی چوں عروس خوب یکی چوں رخان یار

فرخی نے اپنے قصائد میں واقعہ نگاری کو بڑی حد تک جگہ دی ہے اور وہ اکثر مدحیہ قصیدوں میں سلطان کی فتوحات اور جنگی کارناموں کا تفصیلی ذکر کرتا ہے۔ ان قصیدوں کے مطالعہ کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے گویا اسکا قلم ایک مورخ کا قلم ہے۔ غرضکہ اس کے قصاید سے تاریخی مقامات کے ناموں اور متعدد واقعات کی تصدیق ہوتی ہے۔ سومنات کی فتح پر فرخی نے جو قصیدہ لکھا ہے اس میں جنگ کا نقشہ تاریخی شواہد کا حامل ہے۔ قصیدہ کا مطلع یہ ہے

فسانہ گشت و کہن شد حدیث اسکندر
سخن نو آر کہ نو را حلاوتیست دگر

مندرجہ بالا قصیدہ کے علاوہ ذیل میں ان قصیدوں کے مطلعے درج کئے جاتے ہیں جن سے محمود کے دور کے تاریخی واقعات پر روشنی پڑتی ہے۔

بہار تازہ دمید اے بروی رشک بہار — بیاور و زمرا خوش کن ز نبیذ بیار

---

بخندد ہمی باغ چوں روی دلبر — ببوید ہمی خاک چوں مشک اذفر

فرخی کے مشہور ترین قصیدوں میں اس کا وہ معرکہ آرا رثائیہ قصیدہ بھی ہے جو اس نے محمود غزنوی کی وفات پر اس کی مدح میں لکھا ہے۔ قصیدہ کا مطلع یہ ہے ؎

شہر غزنین نہ ہماں است کہ من دیدم پار
چہ فتاد است کہ امسال دگرگوں شد کار

فرخی کی مندرجہ بالا خصوصیات کا اعتراف رضا زادہ شفق نے ذیل کے الفاظ میں کیا ہے۔

" فرخی ایران کے قصید گو شاعروں میں درجہ اوّل کا شاعر ہے۔ اس کا کلام پختہ، اس کی طبیعت رواں۔ اس کے قصیدے سادہ اور سلیس ہیں۔ اس کے قصائد میں الجھاؤ، دقیق فلسفیانہ مضامین اور علمی مطالب نہیں پائے جاتے۔ اس کے کلام میں حسنِ وزن، ترنّم، ہم آہنگی اور بندش کی چستی خوب ہے۔ اس کے اشعار ہر قسم کی تعقید اور برائی سے پاک ہیں"۔ [1]

فرخی کے بعد فارسی کے قصیدہ نگاروں میں منوچہری کا زمانہ آتا ہے۔ منوچہری کے قصائد پر عربی شاعری، عرب ماحول اور عربی رسم و رواج کے اثرات واضح طور پر دکھائی دیتے ہیں یہاں تک کہ اس کے دیوان کا بیشتر حصہ عربی بحور و قوافی میں لکھے گئے قصائد سے مملو ہے۔ منوچہری کے

---

[1] تاریخ ادبیات ایران از رضا زادہ شفق ص ۹۵

قصائد پر مشہور عرب شاعر عمرو بن کلثوم اور امراء القیس کے قصیدوں کا رنگ غالب ہے۔ منظر نگاری میں اسے کمال حاصل تھا۔ اس کے قصائد کی تشبیب میں صحرا، بادل، سبزہ، سیلاب وغیرہ کے مناظر دکھائی دیتے ہیں۔ علاوہ ازایں ممدوح کی مدح کے ساتھ ساتھ اس کی سواری، تلوار اور دیگر متعلق چیزوں کا منوچہری نے اپنے قصائد میں ایک الگ باب قائم کیا ہے جو اس کے بعد کے قصیدہ گو شعرائے کے لئے مشعل راہ بنے۔

منوچہری کے بعد فارسی قصیدہ نگاری کی تاریخ میں حکیم سنائی اور ناصر خسرو کا دور آتا ہے۔ حکیم سنائی کی شہرت و مقبولیت کا باعث اس کی مثنویاں اور خاص طور پر حدیقہ ہے لیکن اس کے قصائد بھی بڑے اہم اور پُر مغز ہیں۔ ویسے اس کے قصیدوں کا زیادہ تر حصہ مذہبی رہنماؤں کی مدح پر منحصر ہے۔

حکیم سنائی کے بعد سلجوقی دور کے قصیدہ نگار شعرا میں ناصر خسرو کا دور آتا ہے۔ یوں تو مذہبی قصائد کی بنیاد بقول صاحب شعر و ادب[۱] فارسی کسائی مروزی نے رکھی لیکن ناصر خسرو وہ پہلا قصیدہ گو شاعر ہے جس نے قصیدے کو مذہب اور عقیدے سے روشناس کرانے کی ایک مکمل تحریک چلائی اور بڑی حد تک اس میں کامیابی بھی حاصل کی ہے۔ اس کے بیشتر قصائد کا موضوع حمد و نعت اور اولیاء دین کی

---

[۱] شعر و ادب فارسی از ہارون موتمن ص ۲۲

منقبت ہے جس میں اس نے بحث و استدلال کے ذریعہ اپنے عقائد کو صحیح ثابت کیا ہے۔ پند و موعظت اور اخلاق و تصوف اس کے قصیدے کے دوسرے اہم موضوع ہیں اور بے ثباتی دنیا، معنویت کی دعوت اور فقر و قناعت اس کے قصائد میں نمایاں ہیں۔ قصائد کے سہارے سرور کائنات جناب رسولؐ اکرم اور ان کی اولاد سے اپنی وابستگی کا اظہار یہی اسکا مقصدِ حیات ہیں جس کا اظہار اس نے خود کیا ہے ؎

مرا گر مُلکِ، ماموں نیست شاید
کہ افزونم ز ماموں است مادوں
بہ آل مصطفےٰ در عالم نطق
فریدونم فریدونم فریدوں

ناصر خسرو نے دیگر شعرا کی بہ نسبت ممدوح کی شان و شوکت اور جاہ و جلال کو بیان کرنے میں بڑی ہنرمندی کا ثبوت دیا ہے۔ اس نے دربار کی تمام خوبیوں کو تصنع آمیز اور ناپائدار ثابت کیا ہے اور ممدوح کے عیش و آرام اور درازئ عمر کی دعا کے بجائے اسے از روئے مذہب طرح طرح کی نصیحتیں کی ہیں۔ وہ اپنے ممدوح کو بغیر کسی خوف و خطر کے علانیہ طور پر فکرِ آخرت کی دعوت دیتا ہے مثلاً اپنے ایک قصیدے میں لکھتا ہے۔

ایں جہاں را فریب بسیار است
بہ فروشد بہ نرخ سوسن سیر

مخور از خوانِ او نہ پختہ نہ خام
مخور از دستِ او خمیر و فطیر
راست باش و خدائی را بشناس
کہ جز این نیست دینِ بے تغیر

ناصر خسرو کے بعد درحقیقت فارسی قصیدہ نگاری کا دورِ زرّیں آتا ہے اور نظامی، ادیب صابر، رشید الدین وطواط و مُعزّی، ابوالفرَج رونی عَمعَق بخارائی کے علاوہ اساتذۂ فن قصیدہ نگاری انوری، خاقانی اور ظہیر فاریابی جیسے باکمال قصیدہ گو نظر آتے ہیں۔ اس دور میں قصیدہ اظہار فضل وکمال کا ایک ذریعہ خاص بن چکا تھا۔ اس دور کے قصائد کی خصوصیات میں خیال بندی، مضمون آفرینی، باریک بینی اور ضایع لفظی و معنوی کا استعمال وغیرہ قابل ذکر ہیں۔

انوری کے قصائد میں خیالات کی گہرائی ہے۔ اُسے اچھوتے مضامین اور نادر خیالات، و تراکیب کے استعمال کا ملکہ حاصل تھا۔ مختصر یہ کہ اُس نے بے حد مشکل اور پیچیدہ قصائد لکھے اور اس کے دیوان کے زیادہ تر قصائد کے مضمون و معانی کو سمجھنے کے لیئے شرح و بسط کی ضرورت پڑتی ہے۔ اس کا ہر قصیدہ مطالعہ کے وقت دعوت غور وفکر دیتا ہے۔ لغت میں اس کو ملکہ تھا۔ وہ مغلق اور ادق الفاظ انتہائی بے باکانہ اور بے تکلفانہ طور پر پورے اعتماد کے ساتھ استعمال کرتا ہے۔ زورِ بیان اسکی شاعرانہ قوت تخلیق کا دوسرا نام ہے۔ جو الفاظ اور جو ترکیبیں

اس کے قصیدوں میں صرف ہوئے وہ جوش و اثر کا مرقع بن گئے۔ رضا زادہ شفق کے الفاظ میں انوری کی عظمت و بلندی کا بخوبی اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

"اس میں اصلاً کوئی شک نہیں کہ انوری ایران کا سب سے بڑا قصیدہ گو شاعر ہے"۔[1]

متذکرہ بالا خصوصیات کے ثبوت میں انوری کے مشہور قصیدے کے دو چار شعر نقل کئے جاتے ہیں۔

باز این چہ جوانی و جمالست جہاں را ۔۔۔ وین حال کہ نو گشت زمیں را و زمان را
مقدار شب از روز فزوں بود بدل گشت ۔۔۔ ناقص ہمہ ایں را شد و کامل ہمہ آن را
در باغ چمن ضامن گل گشت ز بلبل ۔۔۔ آنروز کہ آوازہ فگند ند خزان را
اکنوں چمن و باغ گرفتار تقاضاست ۔۔۔ آری بدل خصم بگیرند ضمان را
آہو بسر سبزہ مگر نافہ بیند اخت ۔۔۔ کز خاک چمن آب بشد عنبر و بان را

انوری کا دوسرا مشہور قصیدہ مندرجہ ذیل ہے۔

گر دل و دست بحر و کان باشد ۔۔۔ دل و دست خدایگان باشد
شاہ سنجر کہ کمترین خدمش ۔۔۔ در جہاں پادشہ نشاں باشد
من نہ گویم کہ جز خدای کس ۔۔۔ حال گرداں و غیب داں باشد
گویم از رای رائیت شب و روز ۔۔۔ در اثر در جہاں عیاں باشد
رائیت راز ہا کند پیدا ۔۔۔ کہ ز تقدیر در نہاں باشد

---

[1] تاریخ ادبیات از رضا زادہ شفق ص ۲۲۲

انوری نے تشبیہہ اور استعارے کو اپنے قصیدہ کا جزو لازمی قرار دیدیا تھا۔ نئی نئی تشبیہوں کے استعمال اور اختراع میں اس کو کمال حاصل تھا۔ وہ قصیدہ ایک نئے انداز سے شروع کرتا ہے مثلاً اس کا یہ قصیدہ :۔

دوش سلطاں چرخ آئینہ فام
آنکہ دستور شاہ است غلام

اس کے علاوہ انوری نے تشبیب میں سوال وجواب اور مناظرہ کے اس اسلوب کو جس کی بنیاد عنصری نے رکھی تھی بڑا فروغ دیا۔ ایک قصیدہ میں گل وسرو کا مناظرہ اس طرح پیش کرتا ہے۔

گل ہمی گفت ترا نیست بر من قیمت — سرو میگفت ترا نیست بر من مقدار
گل از او طیرہ شد وگفت کہ اے بے معنی — دم خوبی زنی آخر بکدام استظہار
گوئی آزارم و بر یک قدمے پیوستہ — دعوی رقص نمائی و ندانزی رفتار
سرو لرزاں شد از آں طعنہ بہ گل گفت کہ من — پای برجایم و ہمچوں تو نیم دست گزار
سالہا بودم و در باغ ندیدم رخ تو — تو کہ دی آمدی امروز شدی در بازار

موضوع کے لحاظ سے بھی انوری کے قصیدے میں تنوع اور تازگی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ ہجو جو دیگر قصیدہ گو شعرا کے یہاں شاذونادر ہی پائی جاتی ہے انوری نے اسے قصیدہ کا باقاعدہ موضوع قرار دیا مولانا شبلی نے انوری کے ہجویہ قصائد کے سلسلے میں اپنے تاثرات کا اظہار یوں کیا ہے۔

"اس کی شاعری کا اصل سرمایۂ فخر ہجو ہے اور اگر ہجو گوئی کوئی شریعت ہوتی تو انوری اس کا پیغمبر ہوتا"۔ [1]

مثلاً گھوڑے کی ہجو میں انوری نے جو قصیدہ لکھا ہے اس کا مطلع یہ ہے:-

دی یا مداد عید کہ بر صدر روزگار
ہر روز عید باد بتائید کردگار

انوری کے علاوہ اس دور کے جن دیگر شعرا نے فارسی قصیدہ نگاری میں اضافے کیے اور جن کے ذکر کے بغیر قصیدہ کی تاریخ مکمل نہیں ہو سکتی انمیں خاقانی اور ظہیر فاریابی کے نام قابلِ ذکر ہیں۔ ان دو شاعروں نے قصیدہ گوئی میں کامیابی کی آخری منزلیں طے کی ہیں جن کا تفصیلی ذکر اگلے باب میں آئے گا۔ مختصر یہ کہ اس دور میں ان قصیدہ گو شعرا نے اپنے مدحیہ قصائد میں ممدوح کی ایسی مدح و ثنا گستری کی ہے جو دائرہ عقل سے منزلوں دور ہے۔ اسی دور میں دریا کو ممدوح کی سخاوت کا قطرہ اور پہاڑ کو اس کی ثابت قدمی کا ایک نشان بتایا جاتا تھا۔ آسمان ممدوح کے دربار میں پیشانی سجدہ خم کیے ہوئے دکھائی دیتا غرضکہ قصیدہ میں مبالغہ آرائی اس دور سے پہلے بھی کی جاتی رہی ہے لیکن اس دور کی مدح سرائی کے بعد مدح اور مبالغہ ایک ہی چیز کے دو نام تھے۔ شاعر اپنے ممدوح کی مدح و ثنا میں

---

[1] شعر العجم از شبلی نعمانی جلد اول ص۲۳

مبالغہ آرائی کی منزل آخر سے گزر جانے میں ہی فخر محسوس کرتا تھا۔
انوری خاقانی اور ظہیر فاریابی کی مبالغہ آرائی کے بعد فارسی قصیدہ نگاری کی تاریخ میں ایک انقلاب آتا ہے جس کے نتیجہ میں قصیدہ کی تاریخ پھر اپنے کو دہراتی ہوئی نظر آتی ہے اور قصیدہ میں سادگی، بے تکلفی، خدا کی حمد و ثنا اور پند و موعظت اس دور کے خاص موضوع قصیدہ ہیں اور اس سبک پر قصیدہ لکھنے والوں میں ایران کے نامور شاعر شیخ سعدیؔ کا نام خاص طور پر قابلِ ذکر ہے۔ اسمیں کوئی اختلاف رائے نہیں کہ سعدیؔ غزل کے پیغمبر تھے لیکن فارسی قصیدہ نگاری پر سعدیؔ نے جو احسانات کئے ہیں وہ اس سے سبکدوش نہیں ہو سکتی۔ سعدیؔ کے قصیدے متقدمین کے سبک پر ہیں لیکن ان سے زیادہ روشن سادہ اور بے تکلف ہیں لیکن انھوں نے مدح میں متقدمین کی طرح کبھی تفصیل، اغراق اور مضمون آفرینی سے کام نہیں لیا۔ انکی بے سر و پا مدح نہیں کی بلکہ اپنے ممدوح کو نہایت شگفتہ اور دلپذیر انداز میں وعظ و نصیحت کی ہے اور انھیں حکمرانی کے آداب بتاتے ہیں۔ زر و زور دونوں کے مالک ممدوحین کو دلیرانہ انداز میں نصیحت کرنا اور انھیں تنبیہہ کے انداز میں آگاہ کرنا صرف سعدی کا کام تھا چنانچہ خود فرماتے ہیں ؎

نہ ہر کس حق تواند گفت گستاخ
سخن ملکی است سعدی را مسلم

مجدالدین حاکم شیراز کی مدح کرتے ہوئے شیخ سعدی بے ثباتی دنیا

اور عدل و کرم کی تلقین کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

جہاں بر آب نہادہ است و زندگی بر باد
غلام ہمت آنم کہ دل برو ننہاد

جہاں نماند و خرم روان آدمی و
کہ باز ماند از و در جہاں بہ نیکی یاد

بر آنچہ می گزرد دل منہ کہ دجلہ بسی
پس از خلیفہ بخواہد گذشت در بغداد

گرت ز دست برآید چو نخل باش کریم
ورت نصیب نیفتد چو سرو باش آزاد

شمس الدین محمد جوینی کے بھائی عطا ملک جوینی جو تاریخ جہاں کشا کا مصنف بھی ہے، کے مدحیہ قصیدے میں یہ اشعار ملتے ہیں جس میں حاصل عمر کیا ہے۔ حیات بے حاصل بے سود ہوا کرتی ہے وغیرہ وغیرہ نصیحتیں کی ہیں۔

اگر ہمیں خور و خوابست حاصل از عمرت
بہ ہیچ کار نیاید حیات بے حاصل

تنای طول بقا ہیچ فایدہ نکند
کہ در مواجہہ گویند راکب و راحل

بلی تنای جمیل آن بود کہ در خلوت
دعای خیر کنندت چنانکہ در محفل

ایک دوسرے ممدوح اتابک سلجوق سلغر کی مدح کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

جہاں نماند و آثار معدلت ماند
بخیر کوش و صلاح و بعدل کوش و کرم

خطای بندہ نگیری کہ مہتران ملوک
شنیدہ اند نصیحت ز کہتران خدم

خنک کسی کہ پس از وی حدیث خیر کند
کہ جز حدیث نمی ماند از بنی آدم

غرضکہ سعدی نے صنف قصیدہ کو مختلف موضوعات کے لئے استعمال کیا۔ یہ سچی اور بیباک مداحی اور بے ثباتی دنیا پہ پند و نصیحت اس عظیم شاعر کا خاص موضوع تھا بلکہ یہ کہ ناصر خسرو نے جن اخلاقی قصیدوں کی بنیاد رکھی وہ زینہ سعدی

کے قصیدوں کے سہارے منزل کمال تک پہونچ گئی۔ سعدی کو اپنے ممدوحین کے ساتھ خلوص و ہمدردی ہے اور اس جذبے کے تحت وہ ممدوحین کی نکتہ چینی کرنے سے بھی باز نہیں آتے۔ انکیانو کی مدح میں لکھے گئے قصیدے کے چند عبرت آمیز اور پر انتباہ اشعار یہاں نقل کر دینا مناسب ہوگا۔ واضح رہے انکیانو ہلاکو کی طرف سے مقرر کیا گیا حاکم فارس تھا۔

اے کہ وقتی نطفہ بودی در شکم — وقت دیگر طفل بودی شیرخوار
تی بالا گرفتی تا بلوغ — سرو بالائی شدی سیمیں عذار
ہم چنیں تا مرد نام آور شدی — فارس میدان و مرد کارزار
آنچہ دیدی بر قرار خود نماند — آنچہ بینی ہم نماند برقرار
دیر و زود این شکل و شخص نازنیں — خاک خواہد گشتن و خاکش غبار

شیخ سعدی کی قصیدہ نگاری کے مختصر جائزے کے بعد فارسی زبان کے سب سے بڑے ہندوستانی شاعر امیر خسرو دہلوی کی قصیدہ گوئی کی منزل آتی ہے۔ امیر خسرو کے دیوان کا بیشتر حصہ قصائدیہ مبنی ہے۔ آپ نے قصیدہ نگاری میں ایران کے مشہور قصیدہ نگاروں خاص کر خاقانی اور نظامی کی طرز نگارش کا اتباع کیا ہے لیکن اس کے باوجود اُنھوں نے ایک نئے طرز کی ایجاد کی جس کا اتباع کم و بیش ہندوستان کے دوسرے فارسی شعرا نے بھی کیا اور غالباً ان کا یہی طرز بعد کو سبک ہندی کے نام سے موسوم ہوا۔

امیر خسرو کے دیوان کو جس میں زیادہ تر مدحیہ قصیدے سلاطین دہلی کی مدح میں ہیں، پانچ حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ ان کے ممدوحین میں سلطان

غیاث الدین بلبن، اس کا بیٹا شاہزادہ نصرت الدین محمد، سلطان معز الدین کیقباد، جلال الدین فیروز شاہ، رکن الدین، علاء الدین، سلطان غیاث الدین تغلق، خواجہ نظام الدین اولیاؒ اور شاہی دربار کے دیگر امیروں کا شمار کیا جا سکتا ہے جن کی مدح میں شاعر نے معرکہ آرا قصائد نظم کئے ہیں۔ تاریخی اور فنی اعتبار سے وسط الحیات کے قصائد زیادہ اہم اور دلچسپ ہیں ان قصائد میں انھوں نے کبھی خاقانی شروانی کی پیروی کی ہے اور کبھی کمال اصفہانی جیسے قصیدہ گو شاعروں کے طرز بیان کو اپنانے کی کوشش کی ہے۔

غرۃ الکمال میں جنات النجات، مرآۃ الصفا اور دریائی ابرار جیسے مشہور ترین قصیدے شامل ہیں جنکی فارسی ادب میں ایک خاص اہمیت ہے۔ بعض قصائد کی ابتدا شاعر نہایت دلفریب تغزل سے کرتا ہے۔ مثلاً مندرجہ ذیل قصیدہ کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

صبا را گاہ آں آمد کہ راہ بوستاں گیرد — زمیں را سبزہ در دیبا و گل در پرنیاں گیرد
زباں از گفتن آتش نسوزد لیکن از سوسن — حدیث لالہ گو ید تر سم آتش در جہاں گیرد
تماشا کن کہ چوں بگرفت لالہ کوہ را دامن — کسی کو تیغ بے موجب کشد خونش چناں گیرد
زیاد غنچہ مرغان را نوا بستہ شود تا گل — بسازد پردہ نو روز و بلبل خوش دہاں گیرد

امیر خسرو نے اپنے قصائد میں تقوی اور اخلاقیات کے مضامین بیان کئے ہیں۔ اس کے قصائد میں صوفیانہ نکات بدرجہ کثرت پائے جاتے ہیں۔ اپنے پیر روشن ضمیر حضرت نظام الدین اولیاؒ کی مدح میں لکھے گئے اکثر قصائد میں صوفیانہ اصطلاحات کا استعمال کیا ہے۔ مندرجہ بالا مضامین

پر مبنی قصیدہ کا ایک مطلع یہ ہے جس میں شاعر نے خاقانی کے مشہور قصیدے کی پیروی کی ہے۔

دلم طفلست و پیر عشق استاد زبانِ دانش سواد لوحہ سبق و مسکنت گنج دبستانش

تیموری اور ایلخانی دور کے بعد ایرانی ادبیات کی تاریخ میں صفوی اور قاجاری بادشاہوں کا زمانہ آتا ہے۔ اس دور کی دیگر اہمیتوں کے علاوہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ فارسی زبان اور ادب ایران کے باہر اور خصوصاً ہندوستان میں خوب پھیلا۔ فارسی زبان تو ہندوستان میں اسلامی صدیوں کے ابتدا ہی میں پہونچ چکی تھی۔ غزنویوں اور غوریوں کے قیام حکومت کے بعد ہندوستان میں فارسی زبان کی اشاعت بڑھ گئی اور مغلوں کے قیام سلطنت کے بعد تو زبان اوج کمال پر پہونچ گئی اور بہت سے شاعر و سخنور پیدا ہونے لگے۔ ان میں صائب تبریزی، فیضی، عرفی شیرازی، نظیری نیشاپوری، ظہوری ترشیزی، ابوطالب کلیم ہمدانی اور خجندی نے ہندوستان میں بڑی شہرت حاصل کی اور جہاں تک قصیدہ نگاری کا تعلق ہے ان سبھی شعرا نے اچھے قصیدے لکھے ہیں لیکن خاص طور پر فیضی اور عرفی شیرازی کے نام قابل ذکر ہیں جنھوں نے ہندوستان میں فارسی قصیدہ نگاری کو معراج کمال پر پہونچا دیا۔ فیضی کے دیوان میں قصائد کی اچھی خاصی تعداد پائی جاتی ہے۔ جس میں اس نے مشہور ایرانی شاعروں کے جواب میں بڑے اچھے قصیدے لکھے ہیں۔ اس کے قصیدے کے اشعار بہت مکمل اور جامع ہیں۔ رضازادہ شفق نے فیضی کی فارسی شاعری کے سلسلے میں اپنی عقیدت کا اظہار یوں کیا ہے۔

"اگرچہ فیضی نے ہندوستان میں اپنی زندگی بسر کی لیکن اس نے متانت سخن اور استحکام شعر میں وہ مقام حاصل کیا ہے کہ ایرانی شاعروں میں اور اس میں آسانی کے ساتھ تمیز نہیں کیا جا سکتا"۔[1]

عرفی شیرازی کا ذکر تفصیلی اگلے باب میں ملاحظہ کیجئے۔ مختصر طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ عرفی کے قصیدے مضمون آفرینی نازک خیالی، مترنم تراکیب اور نادر تشبیہات و استعارے کے بہترین مرقع ہیں۔ عرفی کے قصائد میں اس دور کے دیگر ایرانی شعرا کی طرح غزل کی فضا ملتی ہے اور اس کا ایک اہم سبب شاید یہ رہا ہو کہ فارسی غزل اس وقت تک لوگوں کے دلوں میں گھر کر چکی تھی اور کسی حد تک اُسے شعر و ادب کی صدر نشینی بھی حاصل ہو چکی تھی۔

ایرانی ادبیات کی تاریخ میں صفوی دور کو ادبی انحطاط کا زمانہ سمجھا جاتا ہے اور اس کی ذمہ داری بقول رضا زادہ شفق مغلوں اور تیموریوں کے دور کی قتل و غارت گری اور صفوی بادشاہوں کی مذہب پرستی پر ہے۔ حالانکہ تیمور کے زمانے میں ایران کو جن ادبی صدمات سے دوچار ہونا پڑا تھا اس کے بیٹے شاہ رخ اور دیگر اخلاف نے اپنی سرپرستی ادب سے اس کا بہت کچھ ازالہ کر دیا تھا اور جدید تحقیقات سے یہ بات ثابت ہو چکی ہے

---

[1] تاریخ ادبیات ایران از رضا زادہ شفق ص ۷۰۴

کہ اس کی سب سے بڑی ذمہ داری صفوی بادشاہوں کی مذہب پرستی پر ہے۔
اور شاید یہی سبب ہے کہ مذہبی شاعری کو اس زمانے میں بڑا فروغ حاصل
ہوا اور خاص طور پر مذہبی پیشواؤں اور دینی رہبروں کی مدح میں قصائد
لکھے گئے لیکن اس سے یہ اندازہ لگانا کہ صرف مذہبی قصائد ہی لکھے گئے
ناانصافی ہوگی بلکہ شعرا نے بادشاہ وقت اور ان کے صاحبزادوں کی مدح
میں بھی بہت سے قصائد لکھے ہیں۔ بہرصورت صفوی اور قاجاری دور
کے مشہور قصیدہ نگاروں میں محتشم کاشانی، بابا فغانی شیرازی، اہلی شیرازی،
مجمر اصفہانی، نشاط اصفہانی، ملک الشعرا صبا، وصال شیرازی، قائم مقام
حکیم قاآنی اور سروش اصفہانی کے نام قابل ذکر ہیں۔ محتشم کے دیوان میں
قصائد کم ہی ملتے ہیں اور جو قصائد ہیں بھی وہ آئمہ اطہارؑ کی مدح میں
لکھے گئے ہیں۔ بابا فغانی نے بہت سے قصیدے لکھے لیکن حضرت علیؓ کی
مدح میں دو قصیدے بہت مشہور ہیں جس میں شاعر نے ناصر خسروؔ اور
شیخ سعدی کے طرز پر حکیمانہ اور اخلاقی باتیں بھی نظم کی ہیں۔ اہلی شیرازی
بھی اس دور کا بہت بڑا قصیدہ گو تھا اور اس نے بہترین قصیدے لکھے
لیکن اس کا اصل میدان غزل تھا۔ اس کے بعد مجمر اصفہانی کا دور آتا
ہے۔ مجمر نے متقدمین کے طرز کی طرف بازگشت کی اور اول درجہ کے قصیدہ
گو شعرا میں گنا جانے لگا۔ اس کے دیوان میں زیادہ تر قصیدے بادشاہ،
ان کے بیٹوں اور اعیان مملکت کی مدح میں پائے جاتے ہیں۔ اس نے
اپنے قصیدوں میں خاص طور پر انوری اور خاقانی کی طرز کا سہارا لیا ہے۔

مجمر کے ایک قصیدہ کے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں :-

در عرصۂ دو گیتی از آشکار و پنہاں — زیبا ترین بدیعی کاند ز فیض یزداں
از عقلہاست اول و ز نفسہاست قدسی — از عضوہاست دیدہ و ز عرقہاست شریاں
از پیکہاست جبریل از مژدہ ہاست بعثت — از صلہاست توحید و ز فضلہاست ایماں

مجمر کے بعد نشاط نے قصیدہ گوئی میں فارسی ادبیات کی قدیم روایات کو نئے سرے سے زندہ کرنے میں بڑا اہم رول ادا کیا۔ نشاط کے قصیدوں میں قدما کا رنگ پوری طرح غالب ہے۔ امیر معزی کے قصیدہ کے جواب میں جو قصیدہ نشاط نے لکھا ہے اس کے چند اشعار ملاحظہ ہوں :-

زیبا ترین اشیا فرخ ترین اعیاں — از ہر چہ ہست پیدا و ز ہر چہ است پنہاں
از مرغہا ہزار است از وقتہا سحر گہ — از فصلہا بہار است از نوعہاست انساں
از عہدہا شباب است از آبہا شراب است — از انجم آفتاب است از ماہہاست نیساں
از سنگہا دل دوست از علتہا غم اوست — از تیغہاست ابرو از دشنہاست مژگاں

اس کے علاوہ انوری کے جواب میں لکھے گئے قصیدہ کا مطلع پیش کیا جاتا ہے جس میں شاعر کے رنگ تغزل کا اندازہ بخوبی کیا جاسکتا ہے۔

شاہا ہلال ماہ نو از آفتاب خواہ
ابروئے یار بیں و ز ساقی شراب خواہ

نشاط کے بعد اس دور کے مشہور قصیدہ گو شعرا میں ملک الشعرا صبا کا نام آتا ہے۔ یہ فتح علی شاہ کے زمانے کے مشہور قصیدہ گو شاعروں میں ایک تھا۔ اس نے اکثر فتح علی شاہ، اس کے شہزادوں اور دربار کے امیروں کی

مدح میں قصیدے کہے ہیں۔ اس کے قصائد کو دیکھنے کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے کہ شاعر صبا، نوروز اور بہار سے بہت متاثر تھا۔ اس کے نوروزیہ اور بہاریہ قصائد کے دو مطلعے ملاحظہ ہوں :-

شاہد جاں پرور نوروز تن آراستہ ۔ آفتاب و ماہ از مشکیں پرن آراستہ

---

چو کرد ایں بدلہ ہوے بہرہ آہنگ ۔ شد آذر گوں ز آذر یوں لب رنگ

فتح علی صبا کے بعد اس دور کے فارسی قصیدہ گو شعرا میں وصال شیرازی اور قائم مقام جیسے بلند مرتبہ قصیدہ گویوں کا دور آتا ہے۔ وصال کا اصل میدان غزل تھا حالانکہ اس نے قصائد بھی لکھے ہیں۔ قائم مقام کے اشعار کا بڑا حصہ مدحیہ قصائد پر مشتمل ہے۔ اسکے قصیدوں میں بڑے لطیف حزنیہ اور شکوائی مضامین پائے جاتے ہیں۔ اسکے قصیدوں سے سرزمین ایران کی دردناک حالت جو محمد شاہ کے زمانہ میں تھی بخوبی ظاہر ہے۔ مثلاً اس کا یہ قصیدہ :-

اے بخت بد اے مصاحب جانم ۔ اے وصل تو اصل گشتہ حرمانم

اے بیتو نگشتہ شام یک روزم ۔ اے با تو نرفتہ شاد یک آنم

قائم مقام کے بعد حکیم قاآنی کا زمانہ شاعری آتا ہے جس کا تفصیلی ذکر اگلے باب میں آیگا۔ یہاں اختصار کے ساتھ یہ کہا جا سکتا ہے کہ قاآنی صفوی اور قاچاریہ دور کا سب سے بڑا شاعر ہے جس نے قصیدہ گوئی کو اس کے کمال کی انتہائی منزل تک پہونچا دیا۔ قاآنی کو الفاظ اور تراکیب کی جادوگری اور صنائع و بدائع کے استعمال میں ید طولیٰ حاصل تھا۔

---

# افضل الدین خاقانی

افضل الدین بدیل بن علی خاقانی کا شمار ایران کے مشہور ترین اور درجۂ اوّل کے قصیدہ گو شاعروں میں ہوتا ہے۔ خاقانی ۵۲۰ھ میں بمقام شروان پیدا ہوا تھا۔ اپنے نام بدیل کے بارے میں ایک قطعہ میں صاف صاف یوں کہتا ہے۔

بدل من آدم اندر جہاں سنائی را　　بدیں دلیل پدر نام من بدیل نہاد

کہتے ہیں اس نے پہلے حقائقی لقب اختیار کیا پھر خاقان اکبر منوچہر بن فریدوں شیروان شاہ سے انتساب کی مناسبت سے خاقانی تخلص پایا۔ خاقان اکبر منوچہر کے پاس ابو العلا گنجوی لیکر گیا تھا۔ چنانچہ اکثر و بیشتر اپنے قصائد میں ابو العلا گنجوی اور خاقانی نے اس کا تذکرہ کیا ہے۔
خاقانی کی زندگی کا ابتدائی دور اس کے چچا کافی الدین عمر بن عثمان کے ساتھ گزرا جو فلسفہ اور حکمت کا بہت بڑا ماہر تھا۔ اس نے خاقانی کی پرورش علم و ادب کے ساتھ کی۔ شاعر نے اس کی مہربانیوں کو کئی جگہ یاد کیا ہے تحفۃ العراقین میں کہتا ہے۔

من فائدہ جوی و او مفیدم　　عم بودہ مدرس و معیدم

خاقانی نے اپنے چچا سے اکتساب علم کیا اور اس کے علاوہ اس زمانے کے شاعروں میں ابوالعلا گنجوی سے شرف تلمذ حاصل تھا۔ ابوالعلا گنجوی نے اپنی بیٹی بھی اپنے شاگرد خاقانی کے نکاح میں دیدی تھی لیکن ایک وقت ایسا آیا کہ استاد اور شاگرد میں لڑائی ہوگئی اور دونوں نے ایک دوسرے کی ہجو میں قصائد بھی لکھے ہیں۔ رشید وطواط، خاقانی کی بزرگی کا اعتراف کرتے ہوئے لکھتا ہے:۔

افضل الدین ابوالفضایل بحر فضل　　فیلسوف دین قرائی کفر گاہ

اس میں کوئی شک نہیں کہ خاقانی نے ادب، فلسفہ، علوم دینی اور قرآن کریم کا گہرا مطالعہ کیا تھا اور ان علوم میں اسے دستگاہ کامل بھی تھی۔

خاقانی کی زندگی کے تمام حالات کو دیکھنے کے بعد یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شاعر کی زندگی بڑی پریشانیوں کا شکار رہی ہے۔ جوانی، مفلسی اور تنگ دستی کی پریشانی میں گزری اور ساری زندگی دوستوں کی آرزو میں ماتم کرتا رہا ہے چنانچہ دوستوں کی کمی کا احساس کرتے ہوئے ایک جگہ لکھتا ہے۔

در ہمہ شروان مرا حاصل نیامد نیم دوست　　دوست خود ناممکن است اے کاش بودی آشنا

اس کے علاوہ زمانۂ طفلی میں ہی باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا۔ پچیس سال کا ہوا تھا کہ چچا نے بھی داغ مفارقت دیا اور جب عمر کا آفتاب منزلِ غروب تک پہونچنے کو ہوا تو اس کا جوان سال بیٹا رشید الدین مر گیا

جس کی عمر تقریباً بیس سال تھی۔ لڑکے کی وفات کے بعد پریشانیوں کا ایک بوجھ اس کے سر پر آن پڑا جس کی شکایت اس نے اپنے قصائد میں جگہ جگہ پر کی ہے۔ لڑکے کی وفات پر خود کہتا ہے:۔

دریغ میوۂ عمرم رشید کز سر پائی ۔۔۔ بہ بیست سال بہ آمد بیک نفس بگذشت
مراذخیرہ ہمیں یک رشید بود از عمر ۔۔۔ نتیجۂ شب روزی کہ در ہوس بگذشت

غرضکہ شاعر کی پوری زندگی مصائب و آلام زمانہ کا شکار رہی ہے۔ صدموں پر صدمے اٹھائے اور دنیا نے اسے کبھی چین سے بیٹھنے نہ دیا۔ اس نے تمام عمر دینی اور اخلاقی مسلک کی پیروی کی۔ وہ لوگوں سے وفا اور راستی کا طالب تھا لیکن دنیا میں کبھی اسے فراغت و اطمینان نہ نصیب ہوا اور آخر کار ۵۹۵ھ میں بمقام تبریز موت کی گود میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے آرام کی نیند سو گیا اور مقبرۃ الشعراء میں دفن ہوا۔

خاقانی کی شاعری گوناگوں خصوصیات کی حامل، نہایت مستحکم اور استوار ہے۔ اس کی شاعری میں تمام بنیادی خوبیوں کے ساتھ ساتھ ایک ادبی خوبی یہ بھی ہے کہ وہ عام ڈگر اور عام سطح سے الگ ہے۔ یعنی ایسے دقیق اور گہرے خیالات کو جو عام شاعروں کے ذہن میں نہیں آسکتے نہایت جامع اور فصیح الفاظ کے قالب میں بیان کرتا ہے بلکہ خاقانی کی شاعری کا بڑا حصہ اسی پر مشتمل ہے۔ اس کے کلام کو دیکھنے کے بعد یہ اندازہ ہوتا ہے کہ اسے علوم متداولہ پر عبور کامل تھا اور علمی استعارے اور کنائے ہر وقت اس کے ذہن میں حاضر رہتے تھے۔ وہ اپنے کلام میں کثرت سے مختلف علوم و

فنون کی اصطلاحیں اور تلمیحات و اشارات لاتا ہے۔ جب تک کوئی شخص تمام علوم و فنون سے واقف نہ ہو اس کے کلام کو اچھی طرح نہیں سمجھ سکتا۔ لیکن اس کا سب سے بڑا وصف یہ ہے کہ ان سب میں وہ ایک تازگی پیدا کر دیتا ہے۔ اس نے نئے نئے الفاظ، نت نئی ترکیبیں اور اچھوتے معانی سے کام لیا ہے۔ اسکا مشہور قصیدہ ہے :۔

دل من پیر تعلیم است و من طفل زباندانش
دم تسلیم سر عشر و خم زانو دبستانش

اپنی متذکرہ بالا خصوصیات کلام کے بارے میں جگہ جگہ خاقانی نے اشارے کئے ہیں۔ ایک جگہ کہتا ہے :۔

مرا شیوۂ خاص تازہ است و داشت ہماں شیوۂ باستان عنصری

اس کے دیوان میں مندرجہ ذیل اشعار بھی ملتے ہیں جو اس نے اپنے بارے میں کہا ہے۔

شاعر منطق منم خوان معانی مراست ریزہ خور خوان من رودکی و عنصری
زندہ چو نفس حکیم نام من از تازگی گشتہ چو مال کریم حرص من ازاندکی

اس کے علاوہ اپنی جدت طبع اور دیگر خصوصیات کے بارے میں خاقانی نے مستقل ایک قصیدہ لکھا ہے جس کے مندرجہ ذیل اشعار یہ ہیں :۔

نیست اقلیم سخن را بہتر از من بادشا در جہاں ملک سخن رانی مسلم شد مرا
مریم بکر معانی را منم روح القدس عالم ذکر معانی را منم فرماں روا

اس کے علاوہ خاقانی نے اپنے کلام میں عصر حاضر کے ادباء کی طرح

ان الفاظ کو جگہ دی ہے جو اس زمانہ کی مقامی بولی سے متعلق ہوتے تھے۔
الفاظ کے انتخاب میں خاقانی کا یہ طریقہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ
اُسے زبان و بیان پر یکساں قدرت حاصل تھی کیونکہ اس کے دیوان میں
الفاظ کی ایسی ترکیب۔ استعارہ اور نادر تلمیحات بھی پائی جاتی ہیں جنکو
سمجھنے کے لئے ایک دفتر علم درکار ہوتا ہے۔ مقامی بولی کے یہ الفاظ غالباً
آذربائیجان سے تعلق رکھتے ہیں مثلاً مندرجہ ذیل شعر میں ایمہ کا لفظ
انگنوں کے معنی میں استعمال کیا ہے۔

ایمہ نہ بغداد جای شیشہ گرانست

بھر کلاب طرب فزای صفاہان

عام طور پر خاقانی کے قصائد نہایت طویل اور مفصل ہوتے ہیں
اور اس کے دیوان میں ایسے قصیدوں کی تعداد غالباً زیادہ ہے جنھیں
وہ مطلع ثانی سے شروع کرتا ہے۔ ایسے قصائد کی بحریں بھی لمبی ہوتی ہیں۔
مطلع ہی میں شاعر اپنے مقصود کا اظہار کر دیتا ہے اور کبھی کبھی تغزل اور
تشبیب سے کام لیتا ہے۔ اس کی تشبیب کا موضوع جلوۂ صبح، طلوع
آفتاب، یا عشق و محبت یا مناظر قدرت کی عکاسی ہوتے ہیں بلکہ اگر یوں
کہا جائے کہ خاقانی نے فطرت کی عکاسی اور منظر نگاری کو اپنے قصیدے
میں اس حد تک استعمال کیا ہے کہ اگر یہ اشعار قصیدے سے الگ کر لئے
جائیں تو خاقانی کی منظر نگاری پر علیحدہ ایک کتاب مرتب کی جا سکتی ہے۔
فطرت کے گوناگوں مناظر کی عکاسی کرتے وقت اسکا انداز بیان کچھ اتنا

موثر ہو جاتا ہے گویا اس نے فطرت کو بڑے قریب سے دیکھا ہے۔ مثلاً اس کا یہ قصیدہ جو اُس نے مکہ کی تعریف میں لکھا ہے:-

شب روان در صبح صادق کعبۂ جان دیدہ اند

صبح را چون محرمان کعبہ عریان دیدہ اند

منظر نگاری کے علاوہ خاقانی کے کلام کی دوسری اہم خصوصیت یہ ہے کہ وہ معاصرین کے خلاف واقعہ نگاری پر مائل ہے۔ اس کے دیوان میں اکثر ایسے قصیدے پائے جاتے ہیں جو اُس نے خاص خاص واقعات پر لکھے ہیں اور قصیدوں میں جہاں واقعات کی تصویر کشی کی ہے شاعرانہ خیالات کا رنگ بھی چڑھا دیا ہے اور اس کے اس طرز سے کلام میں تاثیر پیدا ہو گئی ہے۔ سفر مکہ معظمہ کے وقت جب وہ مدائن کی طرف سے گزرا اور طاق کسریٰ کی بدترین حالت کو دیکھا تو ایران کا یہ صاحب دل شاعر اتنا متاثر ہوا کہ بے اختیار اس کی زبان سے یہ پر درد و پر جوش اشعار نکل پڑے جو اس کی واقعہ نگاری پر قدرت کاملہ کی دلالت کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ہاں اے دل عبرت بین از دیدہ نظر کن ہاں | ایوان مدائن را آئینہ عبرت دان |
| یکرہ ز لب دجلہ منزل بمداین کن | وز دیدہ دوم دجلہ بر خاک مداین ران |
| خود دجلہ چنیں گرید صد دجلہ خون گوئی | کز گرمیٔ خونابش آتش چکد از مژگان |
| بینی کہ لب دجلہ چوں کف بدہان آرد | گوئی ز تف آہش لب آبلہ زد چندان |

اس کے علاوہ اس کے دیوان میں واقعہ خاص سے متعلق بہت سے قصائد پائے جاتے ہیں جس میں اس نے ماہرانہ انداز سے واقعہ نگاری کی ہے۔

۵۴۹ھ میں ولایت خراسان میں غز ترکوں کے ہجوم کے اس واقعہ سے متاثر ہو کر جس میں ملک ایران تباہ ہو گیا۔ بے شمار جانوں کے ساتھ ساتھ امام محمد یحییٰ جیسے بزرگ شہید ہو گئے۔ بے اختیار اس کے لب پر نالہ آ گیا اور بے شمار قصیدے لکھے مثلاً

آن مصر مملکت کہ تو دیدی خراب شد
وان نیل مکرمت کہ شنیدی سراب شد

اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ خاقانی کے کلام میں پختگی، فکر کی لطافت، تخیل کی بلندی، تشبیہہ، ایہام، تجنیس اور نکتہ سنجی وغیرہ ایسی خوبیاں ہیں جس نے اُسے بلندی کے ایک درجہ تک پہونچا دیا ہے اور بقول علامہ شبلی یہی اس کے خواص کلام ہیں اور اس خاص وصف میں اس کا کوئی ہمسر نہیں۔ اس کے کلام کی خوبیوں کا اعتراف کرتے ہوئے بدیع الزماں خراسانی تحریر فرماتے ہیں۔

"جائے ہیچ سخن نیست کہ خاقانی از جہت ابداع تراکیب و ایجاد کنایات دلپزیر ہم پایہ و در ردیف بزرگ ترین شعرای ایران است و کمتر بیتے از ابیاتش توان دید کہ ہر یک بہ چند ترکیب تازہ مشتمل نباشد و شاید اگر دیوانش را فرہنگ لغات ادبی محسوب دارند۔ توانائی او در استخدام معانی و ابکار مضامین از ہر قصیدۂ او پدید است"۔[1]

---

[1] سخن و سخنوران از بدیع الزماں خراسانی ص ۳۰۳ و ص ۳۰۶

# ظہیر فاریابی

ابوالفضل طاہر بن محمد ظہیر الدین بلخ کے ایک قصبہ میں پیدا ہوا جسکا نام فاریاب تھا۔ علوم متداولہ پہ عبور کامل حاصل کرنے کے بعد شعر و ادب میں کمال حاصل کیا اور خاص طور سے اس نے عربی زبان اور علم نجوم میں خاص مہارت حاصل کی چنانچہ وہ خود لکھتا ہے۔

کمال دانش من کور دیدہ گر بشنید | بہ نظم و نثر چہ در فارسی چہ در تازی
بروں ز حکمت و انواعِ آن کہ در ہر باب | مرا رسد کہ کنم با فلک ہم آوازی

علوم متداولہ پہ عبور کامل حاصل کرنے اور قوم کی زبان سے صدر الحکماء کا خطاب حاصل کرنے کے بعد ظہیر نے اپنی شاعری کے ابتدائی دور میں نیشاپور کا سفر اختیار کیا اور یہاں آکر طغان شاہ بن موید کی مدح میں قصائد لکھے اور بڑی شہرت حاصل کی پھر مازندران کا سفر اختیار کیا اور سلاطین مازندان کے دربار میں باریابی حاصل کرکے ان کی مدح سرائی کرتا رہا پھر اس کے بعد آذربائجان پہونچا اور جہاں پہلوان محمد ایلدگز کے دربار میں ایک قصیدہ لکھ کر پیش کیا۔ اس نے ظہیر کی نہایت قدر کی چنانچہ

ظہیر نے اس کے احسان کے بدلہ میں جب تک وہ زندہ رہا پھر کسی دوسرے بادشاہ کی مدح میں قصائد نہیں لکھے یہی وجہ ہے کہ اس کے دیوان میں اکثر قصائد جہان پہلوان محمد ایلدگز کی مدح میں پائے جاتے ہیں۔ پہلوان کی وفات کے بعد وہ بادشاہ قزل ارسلان کے درباری شعرا میں داخل ہوا اور بڑی شہرت حاصل کی۔ مندرجہ ذیل مشہور قصیدۂ ظہیر اسی بادشاہ کی شان میں ہے اور مبالغہ کی بہترین مثال ہے۔

نہ کرسیٔ فلک نہد اندیشہ زیر پای
تا بوسہ بر رکاب قزل ارسلان دہد

کچھ دنوں تک قزل ارسلان کے دربار میں رہنے کے بعد ظہیر نے اتابک ابوبکر کے دربار کی طرف رجوع کیا۔ اتابک نے ظہیر کی بڑی قدر کی اور بڑے بڑے انعامات و اکرامات سے نوازا چنانچہ اس کی مدح میں بھی بہت سے قصائد ملتے ہیں۔ کہتے ہیں کہ ایک رات ظہیر نے مندرجہ ذیل رباعی لکھ کر سلطان اتابک کی خدمت میں پیش کی۔ بادشاہ نے بطور صلہ اسے دو ہزار دینار سرخ عطا کئے۔ اس ایک مختصر سے واقعہ سے اتابک کی ادب پروری اور قدر دانی ظہیر پر کافی روشنی پڑتی ہے اور بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس کے کلام کی کیا اہمیت ہے۔ رباعی یہ ہے:۔

اے ورد ملائکہ دعای سر تو
سر نیست زمانہ را بجاے سر تو
با دشمن تو بنام شمشیر تو گفت
سر دل من باد فدای سر تو

عمر کے آخری حصے میں ظہیر نے گوشہ نشینی اختیار کرلی۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ زندگی بھر اس دنیا میں سکون کی تلاش کرتا رہا لیکن دنیا میں جائے سکون نہ ملنے کے بعد اس نے ترک دنیا کو ہی بہتر سمجھا اور بقول رضا زادہ شفق ۵۹۸ھ بمقام تبریز وفات پائی اور مقبرۂ شعرائیں خاقانی کے پہلو میں دفن ہوا۔ دولت شاہ نے ۵۵۸ھ سنہ وفات لکھا ہے۔ مولانا آزاد نے ظہیر کا سنہ وفات ۵۶۸ھ تحریر فرمایا ہے اور صاحب ہفت اقلیم نے سنہ وفات ۵۹۲ھ لکھا ہے۔

ظہیر کے قصائد میں وہ تمام خوبیاں بدرجۂ اتم پائی جاتی ہیں جو قدمائ کے کلام کی خاص خصوصیات میں سے ہیں۔ مثلاً تکلّف اور آورد کا وجود نہ تھا۔ خیالات کو صاف اور سادہ الفاظ میں بیان کر دیتے تھے۔ زیادہ تر الفاظ کی صنعت گری پر مدار ہوا کرتا تھا لیکن قدما کی اتباع کے ساتھ ساتھ ظہیر نے قصائد میں بہت سی نئی باتیں بھی اضافہ کیں اور ظہیر کے بعد سے ہی شعرائے متاخرین قصائد میں الفاظ کی بندش جو قدما کی خصوصیات میں سب سے اہم خصوصیت تھی کے بجائے دقیق خیال بندی پر زیادہ زور دیا اور یہ کہنا کسی حد تک مبالغہ نہ ہوگا کہ دقت آفرینی اور خیال بندی جو ظہیر کے بعد آنے والے قصیدہ گو شعرا کے مخصوص اوصاف ہیں اس کی بنیاد کم و بیش ظہیر ہی نے رکھی تھی۔ اس کا اندازہ اس کے کلام کے مطالعہ کے بعد بخوبی کیا جاسکتا ہے۔ مثلاً کمر کی تعریف میں لکھتا ہے:۔

اندیشہ گہ گم شود از لطف در ضمیر     گردوں بہ راز یا کمرت در میان نہاد

یا دوسری جگہ بادشاہ کے عدل کی تعریف صفتِ حسن تعلیل کے ذریعہ یوں کرتا ہے۔

زتیغ آبگیر اے بضعہ زتاثیر عدل او
نقاش صنع پیکرِ مرغان ستان نہاد

اس کے علاوہ ظہیر کے قصائد میں اکثر ایسے اشعار پائے جاتے ہیں جن سے اس کی دقت آفرینی اور لطیف خیال بندی کا اندازہ بخوبی کیا جا سکتا ہے اور جن کو سامنے رکھ کر شعرا متاخرین نے شہرت و مقبولیت کی منزلیں سر کی ہیں علامہ شبلی نعمانی تحریر فرماتے ہیں۔

"ظہیر فاریابی نے دقت آفرینی اور مضمون بندی کا آغاز کیا۔ متوسطین اور متاخرین کی دقیق خیال بندیاں اسی کے نمونہ پہ قائم ہوئیں۔[1]"

اس کے علاوہ ظہیر کے قصاید میں ترکیب اور بندش میں چستی، بلندی اور زورِ کلام بدرجۂ اتم پایا جاتا ہے اور اس نے اس فن میں وہ جوہر دکھائے ہیں کہ سلمان ساوجی اور دیگر استادِ فن کی صفوں کو چیرتا ہوا آگے نکل جاتا ہے۔ مثلاً:۔

شرحِ غمِ تو لذتِ شادی بجان دہد
ذکرِ لبِ تو طعم شکر در دہان دہد

جز زلف و عارضِ تو ندیدم کہ ہیچ کس
خورشید را ز ظلمتِ شب سایبان دہد

ای خسروے کہ حفظ تو از روی اہتمام
گوگرد را ز صولتِ آتش امان دہد

---

[1] شعر العجم جلد پنجم صفحہ ۸

مندرجہ بالا خصوصیات کے علاوہ شاعر نے اپنے کلام میں زبان کی سادگی اور صفائی پر بڑا زور دیا ہے۔ اس نے آسان سے آسان لفظ کو اپنے قصائد میں جگہ دینے کی کوشش کی ہے لیکن زبان کی سادگی اور صفائی کے ساتھ ساتھ اس کے کلام کی نزاکت کو دھکا نہیں لگنے پایا۔ اس کی انھیں خصوصیات کا اقرار کرتے ہوئے دولت شاہ کہتا ہے کہ :-

"اکابر و افاضل متفق کہ سخنِ ظہیر نازک تر و با طراوت تر از سخن انوری است" [۱]

ظہیر فاریابی کی زبان کی سادگی اور صفائی کا ذکر کرتے ہوئے علامہ شبلی یوں رقم طراز ہیں :-

"زبان میں زیادہ صفائی اور گھلاوٹ پیدا کی چنانچہ اس کے قصائد نے انوری اور خاقانی کی طرح کبھی شرح لکھنے کا احسان نہیں اٹھایا" [۲]

ظہیر کے کلام کا مطالعہ کرنے کے بعد یہ اندازہ لگانا کسی حد تک دشوار نہیں ہے کہ اس نے مندرجہ بالا خصوصیات کے علاوہ تشبیہہ و استعارہ اور دیگر شعری صنائع کے انتخاب میں بھی ندرت پیدا کی ہے۔ اس کے بعد لوگوں نے اس فن میں بڑا زور مارا لیکن نہ ہی اس کے معاصرین نے اور نہ ہی اسکے بعد کے قصیدہ نگاروں میں سے کسی نے اس کے درجہ کو حاصل کیا اور شعرا کی صف میں وہ دریکتا نظر آتا ہے۔ مثلاً اپنے ایک قصیدہ میں شام کے

---

[۱] خزانۂ عامرہ صفحہ ۳۰۶ [۲] شعر العجم جلد پنجم صفحہ ۱۱

وقت کا منظر نگاری، تشبیہ اور استعارہ کے سہارے یوں کرتا ہے۔

دیدم ز زر ریختہ بر این تختِ لاجورد — نونی کہ آن بخطِ خفی کردہ شد نگار

روی فلک چو لجۂ دریا و ماہ نو — مانند کشتی کہ ز دریا کند گذار

یا بر مثالِ ماہی یونس میان آب — آہنگ در کشیدنِ او کردہ از کنار

اسی طرح متعدد تشبیہیں بیان کر کے کہتا ہے۔

آن شاہد از کجاست کہ این چرخ شوخ چشم — از گوشِ او بہ در کند این نغز گوشوار

گردون ز جامۂ کہ بریدہ است این طراز — گیتی ز ساعدِ کہ ربودہ است این سوار

دوسری جگہ بہار کی مدح میں ایک قصیدہ کا آغاز یوں کرتا ہے۔

چمن ہنوز لب از شیر ابر ناشستہ — چو شاہدانِ خط سبزش دمیدہ گردِ عذار

اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ ظہیر نے نہایت اچھے قصیدے لکھے ہیں۔ دیگر اصناف شاعری میں وہ اپنے ہمعصر شعراء یعنی خاقانی اور انوری کا ہم مرتبہ ہو یا نہ ہو لیکن قصیدہ نگاری میں اگر وہ ان سے آگے نہیں بڑھ سکا تو ٹھیک ہے لیکن وہ اکثر اعتبار سے ان کے پیچھے بھی نہیں ہے اور یہی وجہ ہے کہ بعض لوگوں نے انوری سے زیادہ اس کی قصیدہ گوئی کی مدح کی ہے۔

# محمد جمال الدین عرفی شیرازی

محمد جمال الدین عرفی ابن زین الدین صفوی دور کا مشہور ترین شاعر
ہے - ایران میں ان محکموں کو جن کا مذہبی صیغہ سے کوئی سروکار نہیں ہوتا
سے عرف کہتے ہیں اور چونکہ عرفی کے پدر بزرگوار شیراز کی دار الحکومت
کے ایسے ہی ایک محکمہ میں ایک عہدۂ ممتاز پر فائز تھے اسی نسبت سے
مال الدین نے عرفی تخلص اختیار کیا۔ صاحب ماثر رحیمی جس نے عرفی کے
رگوشۂ حیات پر روشنی ڈالی ہے۔ اس کے اس تخلص کو اختیار کرنے کے
لسلہ میں تحریر فرماتے ہیں -

"چون پدرش بعض اوقات در دیوان حکام فارس بہ امر وزارت
داروغہ دہ الافاضل شیراز مشغولی مینمود - مناسبت شرعی
عرفی را منظور داشتہ تخلص خود عرفی کرد"

عرفی ایک معزز خاندان کا آدمی تھا یہی وجہ ہے کہ اس نے اپنے
قصائد میں نام و نسب پر فخر کیا ہے ۔ تعلیم و تربیت وطن مالوف شیراز میں
ہوئی - دیگر علوم متداولہ کے علاوہ مصوری اور نقاشی کی بھی تعلیم
حاصل کی تھی لیکن جب ہوش سنبھالا تو تمام ایران میں علم و

ہنر کی نمائش گاہ دیکھی اور شاہان صفویہ کی فیاضیوں کی وجہ سے بالخصوص شاعری شباب پر تھی۔ محتشم کاشی، وحشی یزدی اور عیرتی جیسے بلند پایہ شعرا اس میدان میں اپنے کمالات کا مظاہرہ کر رہے تھے۔ عرفی کو بھی اپنے اظہار فن کے لئے یہ میدان پسند آیا اور بڑی کمسنی میں اس نے شاعری اختیار کی اور اس قدر شہرت اختیار کی کہ بڑے بڑے شاعروں میں اس دور کے شعرا کے مقابلے میں غزلیں لکھنی شروع کیں اور کامیابی اس کے قدموں کی دھول بن کر سامنے آئی۔

باوجودیکہ شاہان صفویہ ادب پرستی اور شاعروں کی قدردانی کا بڑا خیال رکھتے تھے پھر بھی عرفی نے ہندوستان کی سرزمین کو منتخب کیا اور حقیقت یہ ہے کہ شاہان ہندوستان کے مقابلہ میں شاہان ایران کیا اور انکی ادب پرستی کیا۔ یہی وجہ تھی کہ دنیا کے ہر گوشہ سے علماء وفضلاء ہندوستان چلے آرہے تھے۔ ہندوستان آنے کے بعد عرفی باوجود دیگر امراء واہل دول کے فیضی کے دربار میں پہونچا اور فیضی نے اس کی بڑی قدر کی لیکن کچھ دنوں کے بعد فیضی سے نہ نبھ سکی اور بالآخر عرفی حکیم ابوالفتح گیلانی کے دربار میں باریاب ہوا جو عرفی کا ہموطن اور دربار اکبری کا ایک منصب دار تھا اور جب تک حکیم ابوالفتح زندہ رہا عرفی نے کسی دوسرے دربار کی طرف رجوع نہیں کیا۔ یہ اور بات ہے کہ اسنے حکیم صاحب کی خواہش پر خانخاناں کی مدح میں یہ قصیدہ لکھا تھا۔

بیا کہ باد لم آں میکند پریشانی

حکیم ابوالفتح کی وفات کے بعد عرفی نے دربار خانخاناں کی طرف رجوع کیا اور دربار میں پہونچکر خاطر خواہ ترقی حاصل کی۔ علامہ شبلی نے ماثر رحیمی کے مصنف کے حوالہ سے اس کی ترقی کے سلسلے میں مندرجہ ذیل عبارات نقل کی ہے۔

"بہ اندک فرصتی بہ یمن تربیت و شاگردی و مداحی ایں دانای رموز پختگی تمام و ترقی مالا کلام در منظوماتش بہم رسید"[1]

اس کے علاوہ صاحب خزانہ عامرہ نے حکیم ابوالفتح گیلانی کے ایک رقعہ سے یہ عبارت بھی نقل کی ہے۔

"ملا عرفی و ملا حیاتی بسیار ترقی کردہ اند"[2]

چونکہ خانخاناں کا دربار بڑے بڑے نامور شعرا مثلاً نظیری نیشاپوری، شکیبی اصفہانی، انیسی، ظہوری وغیرہ سے بھرا ہوا تھا لہذا باہم شعری مقابلے بھی ہوا کرتے تھے۔ عرفی کا کلام روز بروز ترقی کرتا چلا جاتا تھا۔ یہاں تک کہ اس نے تقرب خاص حاصل کر لیا اور خانخاناں کی تعریف میں بہت سے قصائد لکھے اور خانخاناں نے بھی اس کی اتنی قدر دانی کی کہ پھر جب تک عرفی زندہ رہا صرف خانخاناں کی مدح کرتا رہا یہ اور بات ہے کہ خود خانخاناں کی فرمائش پر اس نے شہنشاہ اکبر کی مدح میں بھی متعدد قصائد لکھے جو ادبی اور فنی لحاظ سے بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ عرفی نے بڑی کم عمر پائی اور سنہ ۹۹۹ھ

---

[1] شعر العجم حصہ سوم ص ۸۲ [2] خزانہ عامرہ ص ۱۹۱

میں چھتیس [۳۶] برس کی عمر میں وفات پائی۔ مرنے سے پہلے عرفی نے اپنے مشہور قصیدہ ترجمۃ الشوق میں مندرجہ ذیل شعر کے ذریعہ یہ خواہش بطور پیشین گوئی کی تھی کہ مرنے کے بعد میری ہڈیاں نجف لے جائی جائیں گی شعر یہ ہے۔

بکاوش مژہ از گور تا نجف بہ دم
اگر بہ ہند ہلاکم کنی و گر بہ تتار

عرفی کی یہ بیت پروردگار عالم کی بارگاہ میں قبول ہو گئی اور سنہ سبع عشرین الف [۱۰۲۷] میرصابر اصفہانی نے قبر سے اس کی ہڈیوں کو نکال کر نجف اشرف پہونچا دیا۔ ملا رونقی ہمدانی نے مندرجہ بالا قول کی تصدیق کرتے ہوئے یہ تاریخ کہی ہے۔

| | |
|---|---|
| یگانہ گوہر دریائے معرفت عرفی | کہ آسماں پی پرورنش صدف آمد |
| چو عمر او بسر آمد ز گردش گردوں | شکست برصف دلہای پر شغف آمد |
| بگوش چرخ رسانید حرف جانسوزی | کہ عمرم از تو چوں معرض تلف آمد |
| بکاوش مژہ از گور تا نجف بردم | فگند تیر دعای او بہ حدف آمد |
| رقم زد از پی تاریخ رونقی کلکم | بکاوش مژہ از ہند تا نجف آمد [۱] |

عرفی نے ایک مکمل دیوان جس کی تعداد اشعار تقریباً چودہ [۱۴] ہزار بتائی جاتی ہے کے علاوہ دو مثنویاں بھی لکھی تھیں جو نظامی کے طرز کی تھیں اور بقول رضازادہ شفق یہ دونوں مثنویاں خمسہ نظامی میں سے

---

[۱] خزانہ عامرہ از آزاد بلگرامی ص ۳۱۹

مخزن الاسرار اور خسرو و شیریں کے جواب میں لکھی گئی ہیں اور اگر زندگی نے وفا کی ہوتی تو وہ خمسہ نظامی کا مکمل جواب لکھتا۔ دیوان اور ان دو مثنویوں کے علاوہ نثر میں نفس سے متعلق ایک رسالہ بھی تحریر فرمایا جس کا نام نفسیہ ہے۔

عرفی کے دیوان کا بیشتر حصہ غزلیات پر مبنی ہے مگر اُسے اس کے قصیدوں نے بڑی شہرت عطا کی حالانکہ قصیدہ نگاری سے بیزاری کا اظہار اس نے اپنے مختلف قصائد میں کیا ہے۔ مثلاً اس کا یہ شعر:-

قصیدہ کار ہوس پیشگاں بود عرفی     تو از قبیلہ عشقی وظیفہ ات غزل است

اور حکیم ابو الفتح گیلانی کے بھائی حکیم حاذق نے عرفی کی غزلیات کے مطالعہ کے بعد اپنی رائے کا اظہار یوں کیا ہے۔

عرفی مادر غزل استاد بود     خانہ خراب و دہ آباد بود
مثنویش طرز فصاحت نداشت     کان نمک بود ملاحت نداشت [1]

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کی غزلیں اس لائق ہیں کہ اُسے استاد غزل کے مرتبہ تک پہونچا دیتی ہیں لیکن تمام علماء ایران و ہندوستان کا اس بات پر اجماعِ عام ہے کہ عرفی نے اپنے قصائد کی وجہ سے قبولیت عامہ حاصل کی ہے اور اس کے قصائد کا ہندوستان کے مکاتب میں داخل نصاب ہونا بھی اس امر پر دلالت کرتا ہے۔

عرفی کا کلام گوناگوں خصوصیات کا حامل ہے اور ہر وہ خصوصیت جو ایک بلند پایہ شاعر کے کلام میں پائی جانی چاہیئے، عرفی کے یہاں بدرجۂ اتم

---

[1] خزانہ عامرہ از آزاد بلگرامی صفحہ ۳۱۹

پائی جاتی ہے لیکن ان خصوصیات کو اپنے کلام میں جگہ دیتے وقت اس نے ایک طرزِ خاص کی ایجاد کی ہے اور اس کی اس خوبی کا اعتراف خود عبدالباقی نے جو عرفی کا ہمعصر تھا کیا ہے۔

"مخترع طرزِ تازہ ایست کہ الحال درمیانۂ مستعدان و اہل زمان معروف است و سخن سنجان تتبع او می نمایند[1]۔"

قصائد میں زورِ کلام کا ہونا لازمی ہے اور عرفی کے قصائد میں پُرشکوہ الفاظ کا استعمال، بندش کی چستی، خیالات کی بلندی اور مضامین کا زور اس حد تک پایا جاتا ہے کہ یہ کہنا مبالغہ نہ ہوگا کہ عرفی نے نظامی کے ذریعہ جس زورِ کلام کی ابتدا ہوئی تھی اُسے درجۂ کمال پر پہنچا دیا ہے۔

قصیدہ کے مندرجہ ذیل اشعار بطورِ نمونہ پیش کئے جاتے ہیں۔

آہنی پنجۂ تیغش بہ اجل گفت کہ من      موج بر موج شکستم چو بہ عمّان رفتم

---

چمن آید بہ چمن بہر تماشائے جمال      بلبل آید بہ بلبل بہ تمنائے غزل

عرفی کے کلام میں ایسے اشعار کی بھرمار ہے جس میں اس نے نادر ترکیبات کے استعمال سے مضمون میں زور، وسعت و رنگینی پیدا کی ہے۔ اس کی ایسی ہی ترکیبوں کے ایجاد کے سلسلہ میں علامہ شبلی یہ کہنے پر مجبور نظر آتے ہیں۔

---

[1] مآثرِ رحیمی در ذکرِ عرفی از شعرالعجم ص۹۱

"عرفی ان کی (ترکیبات کی) ایجاد کا خدائے یکتا نہیں تاہم خدا ضرور ہے"۔ [1]

نئی نئی ترکیبوں کے علاوہ اس نے اپنے قصائد میں استعارات و تشبیہات کی جدت و طرفگی کا بھی شدت سے استعمال کیا ہے اور اس کی جدت استعارات و تشبیہ اکثر ایران شاعری کے نقش و نگار ہیں مثلاً :-

زاں طفلِ عشق من ہمہ خوں شد کہ اوفتاد
دوش از دریچۂ دل و امشب ز بام چشم

---

دلم چو رنگِ زلیخا شکستہ در خلوت
غمم چو تہمتِ یوسف دو دیدہ در بازار

---

آسماں دریوزہ کرد و آفتابش کرد نام
لعلے از آویزۂ گوش شب یلدائے من
خوردہ ہر دم صد شکست از فوجِ قدش آشوب حسن
شوق بے ہنگام نازست بے پروائے من

واقعہ نگاری بھی عرفی کے کلام میں اور مخصوصاً اس کے قصائد کا

---

[1] شعر العجم از علامہ شبلی نعمانی جلد صفحہ ۹۲-۹۵

ایک اہم جز ہے۔ وہ کسی بھی واقعہ کو بڑی فصاحت و بلاغت اور دلچسپ انداز میں بیان کرتا ہے۔ مثلاً اس کی زندگی کا وہ اہم واقعہ جب شاہزادہ جہانگیر نے اس کا شہرہ سن کر دربار میں بلایا۔ کس طرح عرفی دربار جہانگیر میں پہونچا اور اس کے بعد شاہزادہ کس طرح پیش آیا۔ ان سارے واقعات کو بڑی خوبی اور تسلسل کے ساتھ ادا کرتے ہوئے کہتا ہے۔

رموز کورنش و تسلیم را ادا کردم
بہ داب مردم دانا و بذلہ سنج و ندیم
نگفت من بشنودم ہر انچہ گفتن داشت
کہ در بیان نگمش کرد بہ زبان تقدیم

عرفی کے قصائد کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس نے دیگر شعراء کے بر خلاف اکثر قصائد میں ممدوح کی مدح و ثنا کے ساتھ ساتھ اپنے فضائل اور اوصاف بھی جی کھول کر بیان کرتا تھا اور اس کے اس طرح سے خود داری کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ عرفی سے پہلے یا اس کے بعد کے قصیدہ گو شعرا نے اگر بہت ہمت سے کام لیا تو بطور التجا اپنی بیچارگی اور بے بسی کو ظاہر کیا ہے لیکن عرفی اپنی مدح میں دو چار شعر فخریہ لکھ جاتا ہے۔ یہاں تک کہ شہنشاہ اکبر کی مدح میں جو قصیدہ لکھا ہے اس میں بھی دو چار شعر اپنی تعریف میں بھی لکھا ہے۔ ایک دوسری جگہ لکھتا ہے۔

نازش سعدی بہ مشت خاک شیراز از چہ بود
گر ہمی دانست باشد مولد ما دائمًا مت

شاہزادہ جہانگیر کی مدح کرتے کرتے لکھتا ہے کہ :۔

خدا یگانا ! گویم بمدح خویش دو بیت
کزاں نیارد پیہ ہیز کرد طبع سلیم

ایک دوسرے قصیدے میں عرفی اپنی مدح کچھ اس طرح کرتا ہے کہ :۔

داد یک شہر ز عرفی بستاں کیں مفرور
کبر و نازش بہ اندازہ قدر است محل
نیم تحسیں مکن ار گوید صد بیت بلند
کہ دماغش شدہ از حسن طبیعت مختل
ہر سر موئیش اگر با نشگانی بخرد
سو مناتے ست کہ چیدہ است ولادات ہبل

عرفی کی خود ستائش کی اس طرز سے متاثر ہو کر ہی علامہ شبلی فرماتے ہیں۔

" اہلِ ادب نے انواع شاعری میں فخریہ کو ایک خاص صنف قرار دیا ہے۔ فارسی میں اس خاص صنف میں عرفی کا کوئی ہمسر نہیں، عجیب نئے نئے اسلوب سے فخریہ لکھتا ہے۔" [1]

عرفی کے قصائد کا مطالعہ کرنے کے بعد بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس نے اپنے قصائد میں بہت سے نئے نئے مضامین پیدا کئے ہیں اور

---

[1] شعر العجم از شبلی نعمانی ص۱۰۰

نازک سے نازک خیالات کو بڑی خوش اسلوبی سے ادا کیا ہے بلکہ اگر یوں کہا جائے کہ عرفی کے اکثر اشعار میں طرز ادا کی جدت پائی جاتی ہے تو نامناسب نہ ہوگا اور شاید یہی سبب ہے کہ ہر میدان سخن میں طبع آزمائی کے باوجود قصیدہ نگاری میں وہ صف اوّل کا شاعر تسلیم کیا گیا ہے اور خواص و عوام میں اس کے قصائد مقبول و معروف ہیں اور بعد کے آنے والے فارسی شعرا نے اس کے طرز بیان کا اتباع بھی کیا ہے۔

مثلاً ملا عبدالقادر بدایونی تحریر فرماتے ہیں۔

"عرفی کا کلام گلی گلی اور کوچہ میں کتب فروش بیچتے پھرتے ہیں اور اہلِ عراق و ہندوستانی تبرکاً لیتے ہیں۔"

# میرزا حبیب قاآنی

قاجاری دور کے نامور شاعروں میں قاآنی کا نام سرفہرست نظر آتا ہے۔ بقول رضا زادہ شفق اور علامہ شبلی میرزا حبیب قاآنی ۱۲۲۲ھ کے قریب یعنی فتح علی شاہ کے عہد میں بمقام شیراز پیدا ہوئے۔ انکے آبا و اجداد قبیلہ زنگنہ سے ہجرت کر کے آئے تھے۔ والد کا نام میرزا محمد علی تھا جو خود بھی ایک بلند پایہ شاعر تھے اور گلشن تخلص کرتے تھے۔ قاآنی نے جوانی میں خراسان کا سفر کیا۔ علوم درسیہ کی تکمیل کے بعد یہیں سے اُس کی شاعری کا آغاز ہوتا ہے۔ ابتدا میں حبیب تخلص اختیار کیا۔ جب اُسکی شعر گوئی کی شہرت بڑھی تو میرزا حسن علی شجاع السلطنہ نے جو اس زمانہ میں صوبۂ خراسان کا گورنر تھا اُسے اپنے دربار میں بلا کر اپنا مقرب بارگاہ بنا لیا۔ میرزا نے شجاع السلطنہ کے بیٹے اوکتا قاآن کی نسبت سے قاآنی تخلص اختیار کیا۔ ایک مدت تک قاآنی خراسان اور کرمان میں شجاع السلطنہ کے حضور میں حاضر رہا اور شجاع السلطنہ کی مدح میں قصیدے لکھتا رہا۔ جب زیادہ شہرت حاصل کر لی تو شاہی دربار میں پہونچا۔ محمد شاہ اور ناصر الدین قاچار نے اُس کی بڑی قدر کی چنانچہ آخر عمر تک انھیں بادشاہوں کی مدح

کرتا رہا بالآخر ۱۲۷۰ھ میں وفات پائی۔ بقول نزاد شفق قاآنی پہلا ایرانی شاعر ہے جس نے فرانسیسی زبان سیکھی۔

میرزا صائب کے بعد قاآنی صفوی اور قاچاری دور کا سب سے بڑا ایرانی شاعر ہے اور بقول رضا زادہ "طرزِ سخن، کلام کی خوبی اور صفائی، الفاظ کے حسنِ انتخاب، بندش اور قدما کی طرز کے اتباع میں اس دور کا شاید ہی کوئی شاعر قاآنی کی برابری کر سکے"۔[۱]

قاآنی کی غزلوں میں بھی استادانہ شان ظاہر ہوتی ہے لیکن خاص طور پر اس نے اپنے قصائد میں بڑی ہنرمندی اور کمال کا ثبوت دیا ہے۔ صاحب تاریخ ادبیات ایران کی رائے کا اتباع کرتے ہوئے علامہ شبلی یوں رقم طراز ہیں۔

"قاآنی کے تمام قصیدے قدما یعنی فرخی، منوچہری، سنائی اور خاقانی کے جواب میں ہیں۔ الفاظ کی بھتات، مرادف الفاظ کا اجتماع، صفت ترصیع اور لف و نشر جو قدما کے خصائص ہیں، ان باتوں میں وہ قدما کا ہمسر ہے۔ ان باتوں کے ساتھ جو قدرت کلام صفائی اور روانی اس کے کلام میں ہے، قدما میں بھی نہیں"۔[۲]

قاآنی نے مسمط اور ترجیع بند بھی لکھے ہیں اور اس فن میں بڑی

---

[۱] تاریخ ادبیات ایران از رضا زادہ شفق ص ۴۸۵ [۲] شعر العجم جلد پنجم از شبلی نعمانی ص ۱۹

کامیابی حاصل کی ہے اور اس کو بڑے اونچے درجہ پر پہونچایا ہے۔ کلام میں عبارت کی حلاوت زیادہ اور فلسفیانہ اور اخلاقی مضامین و معنی کم ہیں۔ اس کے مدحیہ قصیدے بہت ہیں اور یہی اس کے کلام کا شاہکار ہیں۔ اس کے اکثر قصیدے ناصر الدین شاہ کی مدح میں ہیں۔ کلام کی طرز میں خراسانی شاعروں کا رنگ جھلکتا ہے اور خاص طور سے منوچہری کے طرز سے بہت کچھ مشابہ ہے۔ عام طور پر اپنے مدحیہ قصاید کی ابتدا مناظر قدرت سے کرتا ہے۔ امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی مدح میں جو قصیدہ لکھا ہے اس کی ابتدائی یوں کرتا ہے۔

بگردون تیرہ ابرے بامدادان بر شد از دریا
جواہر خیز و گوہر بیز و گوہر ریز و گوہر زا
چو چشم اہرمن خیرہ چو روی زنگیان تیرہ
شدہ گیتی ہمہ تیرہ بمغزش علتِ سودا

قاآنی نے جو قصیدے بہار کی آمد نوروز کی تعریف اور بادشاہ کی مدح میں لکھے ہیں اچھوتے لطفِ ضمیر اور طبع منیر کا نمونہ ہیں باوجود اس کے کہ وہ سخن پردازی کے تمام مراحل طے کر چکا تھا لیکن اپنے تمام قصیدوں میں اس نے پچھلے استادوں کی پیروی بڑے سلیقہ اور ہنرمندی کے ساتھ کی ہے اور اس طرح کے اشعار کہنے میں قدرت نے بڑی فیاضی کے ساتھ اسے نوازا تھا۔ قاآنی کے اکثر قصیدوں سے پچھلے استادوں کا رنگ نمایاں ہے۔ مثلاً یہ قصیدہ :۔

آنچہ می بینم بہ بیداری نہ بیند کس بخواب
زانکہ در یک حال ہم در راحتم ہم در عذاب

اس قصیدے میں قاآنی نے اس استاد کی پیروی کی ہے جس نے
...ھا تھا۔

این کہ می بینم بہ بیداری است یارب یا بخواب
خویشتن را در چنین نعمت پس از چندین عذاب

قاآنی کے دیوان میں ایسے اشعار کی تعداد زیادہ ہے جو قدیم
...ستادوں کی طرز سے نمایاں طور پر متاثر ہیں۔ ذیل کے قصیدے میں
...اعر نے بہار کی دلفریبیوں کو اور قدرتی مناظر کو اپنے کلام میں جلوہ گر کیا
ہے۔ قاآنی کے اس قصیدے پر منوچہری کے سبک کا اثر نمایاں طور پر
...سوس کیا جا سکتا ہے۔

| | |
|---|---|
| ...ار آمد کہ از گلبن ہمی بانگ ہزار آید | بہر ساعت خروش مرغ زار مرغزار آید |
| ...روش عندلیب و صوت سار و نالۂ قمری | گہی از گل گہی از سرو بن گہ از چنار آید |
| ...ے بیند چمن را بے تامل مرحبا گوید | یکے بوید سمن را مات صنع کردگار آید |

یہ پُر بہار اشعار جنمیں بہار کی ساری رعنائی اور زیبائی کی تصویر الفاظ
...ں اُتر آئی ہے ان سے ظاہر ہے کہ خود شاعر بھی صبح کے دلفریب مناظر سے
...تاثر تھا۔ اس تاثر کو اس نے نہایت جوش و خروش اور روانی کے ساتھ
...لفاظ میں بیان کر دیا ہے۔ ذیل کے قصیدہ میں بھی شاعر کی اس بہار پرستی
کا جذبہ نمایاں ہے۔

راستی را کس نمی داند کہ در فصل بہار — از کجا گردد پدیدار این ہمہ نقش و

عقلہا حیران شود کز خاک تاریک نژند — چون برآید اینہمہ گلہائے نغز کام

کیست آن صورتگر ماہر کہ بی تقلید غیر — این ہمہ صورت برآرد بی علت و آلت

اس کے علاوہ قاآنی نے اپنے قصائد میں ممدوح کی مدح کے مختلف
نئے انداز پیدا کئے ہیں جن سے لطف اندوز ہونے کے بعد یہ اندازہ ہو
ہے کہ مضامین کو دلکش اور دلفریب انداز میں بیان کرنا صرف قاآنی
ہی حصہ تھا۔ ممدوح کی سخاوت کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ :۔

بسائل بحر و کان بخشد خطا گفتم جہاں بخشد
گرفتم کو نہاں بخشد ز بسیاری شود پیدا

واقعہ نگاری بھی شاعر کی تمام خصوصیات میں سے ایک ہے۔ قاآ
کی واقعہ نگاری کو دیکھنے کے بعد ایسا معلوم ہوتا ہے گویا آپس میں بات
ہو رہی ہیں۔ وہ طول طویل واقعات کو لکھتا ہے اور واقعہ کے ایک ا
پہلو پہ روشنی ڈالتا ہے اور سلاست و صفائی اور روانی میں مطلق فر
نہیں آتا۔ اس کے علاوہ دوسری خصوصیت یہ ہے کہ وہ بات میں با
کچھ اس طرح پیدا کرتا ہے کہ انداز بیان میں ایک حسن پیدا ہو جاتا ہے
مثلاً ذیل کے چند اشعار کے بہاریہ قصیدہ کا نمونہ ہیں۔

ہر چہ گفت از دہن تر شد بشوخی گفتمش — در شمارہ دہ غلط کردم تو از سر می شم

گفت میخواہی مرا دہ بوسہ تا بہ صد — گفت نہ میخواہم صد صد بوسہ تا

اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ قاآنی نے اپنے قصائد میں فطری تشبیہا

ستعمال کیا ہے۔ وہ واقعہ نگاری میں ایک خاص طرز کا موجد تھا۔
ں نے قدما کے رنگ میں بے شمار قصائد لکھے بلکہ یہ کہنا کسی حد تک
لغہ نہ ہوگا کہ شاعر کے دیوان کا اکثر و بیشتر حصہ قدما کے رنگ میں
گئے قصائد پر مبنی ہے۔ قدما کے وہ الفاظ جو سینکڑوں برس سے
وک بھے قاآنی نے ان کا بے تکلف استعمال کیا ہے۔ اس طرح انہی نے
رہ شاعری کی وسعت کے ساتھ ساتھ الفاظ کے دائرے کو بھی بڑی
ت دی ہے اور بقول علامہ شبلی وہ قدما کی پیروی کچھ اس طرح
چاہتا ہے کہ مطلق فرق نہ ہو۔ شعر کے زحافات کو جو متروک ہو چکے تھے
لی نے ان کا دوبارہ استعمال شروع کیا اور یہی وجہ ہے کہ قاآنی
نگ تمام ایران پر چھا گیا اور اچھے برے، چھوٹے بڑے سبھی اسی
میں کہنے لگے حالانکہ قاآنی کے درجہ کی پابوسی سے بھی محروم رہے
ل علامہ شبلی :-

"یہ وہ روش ہے کہ قاآنی ہی کے رتبہ کی شاعری ہو تو
لطف دیتی ہے ورنہ بالکل بدمزہ اور خالی الفاظ کا
ڈھیر رہ جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قاآنی کے بعد پھر ایران
میں کوئی نامور نہیں ہوا"[1]

---

[1] شعر العجم از شبلی نعمانی جلد پنجم ص ۲۳

# انتخاب از قصائد خاقانی

(۱)

قحط وفاست در بنهٔ آخر الزمان[۱] | هان ای حکیم پردهٔ عزلت بساز هان
در دم سپیده مهرهٔ وحدت بگوش دل | خیز از سیاه خانهٔ وحشت بپای جا
هم با عدم پیاده فرز کن بهشت نطع | هم زی قدم سوار برون کن بهفت خوا
سودای این سواد مکن بیش در دماغ | تکلیف این کثیف منه بیش بر روا
فلسی شمر ممالک این سبزه بارگاه | صفری شمر قذلک این تیره خاکدا
جیحون آفتست بر آن آبگینه پل | که پایهٔ پلاست بر آن غول دیده با
چشم بهی مدار که در چشم روزگار | آن ناخنه که بود بدل شد باستخوا
تو غافل و سپهر کشنده رقیب تو | فرزانه خفته و سگ دیوانه پاسبا
دهر سپید دست سیه کاسه ایست صعب | منگر بخوش زبانی این ترش میزبا
کآن خوشترین نواله از دست او خوری | لوزینه ایست خوردهٔ الماس درمیا
دل دستگاه تست بدست جهان مده | کین گنج خانه را ندهد کس بپایه ما

---

۱ در نعت حضرت رسالت پناه صلعم و فی شکایة و فا زمان گوید

هر لحظه هاتفی بتو آواز میدهد
کین دامگه نه جای امانست الامان

آوازِ این خطیب الهی تو نشنوی
کز جوش غفلت ست ترا گوش دل گران

اول بیار شیر بهای عروس فقر
دانگه ببر قبالهٔ اقبال رایگان

خاتون دار ملک فریدونش خوان که نیست
کابین این عروس کم از زر کاویان

تا بر در تو مرکب فقر ست ایمنی
کاحداث را سوی تو جنبیت نشود روان

شمشاد و سرو را نتوزد خزان چه باک
کز گرم و سرد لاله و گل را رسد زیان

از فقر ساز گلشکر عیش بدگوار
در زفافه خواه مهرهٔ تپ جان ناتوان

از این وآن دوا مطلب چون مسیح هست
زیرا اجل گیاست عقاقیر این و آن

مگذار شاه دل بدر مات خانه در
زین در که هست در روز عزلت فردنشان

خرسند شو بملکت خرسندی از وجود
خاسر شناش خسرو طاغی شمر طغان

اسکندر و منعم ملک دو دو روزه عمر
خضر شعار مفلسی و عمر جاودان

بی طعمه طمع بسر آور چه کرم بید
چون کرم پیله سر چه کشی در سر دهان

زنبور خانه طمع آلوده شد مشور
زنبور وار بیش مکن زین و آن فغان

هر جنس در عدم طلب اینجا مجوی از انکه
نیلوفر از سراب نداد ست کس نشان

خود باش انیس خود مطلب کس که پیل را
هم گوش بهتر از پر طاؤس پشه ران

دامی چه کن ز نان خورش و خورش کن آرزو
سیمرغ وش ز ناکس و کس کم کن آشیان

خود را درم خرید رضای خدای کن
دامان ازین خدای فردشان فرونشان

پرواز در هوای هویت کن از خرد
بر پلهٔ هوا چه کنی بر تل هوان

از لا رسی بصدر شهادت که عقل را
زاها و هوست مرکب لاهوت زیر ران

لا زال شد از دهای دو سرتا فرو خورد — هر شرک و تنگ که در ره الا شود عیان

بنمود صبح صادق دین محمدی — هین در شناس باش چو خورشید ده زبان

و نداشتهای تاج بقا شرع مصطفاست — عقل آفرینش از بن دندان کند ضمان

هر داستان که آن نه ثنای محمد نیست — دستان کاهنان شمر آن را نه داستان

آنجا که دم کشاد سرافیل دعوتش — جان باز یافت پیر سراندیپ در زمان

وآنجا که کوفت دولت او کوس لا اله — آواز قد صدقت به آمد ز لا مکان

آن شاهد لعمرک و شاگرد فاستقم — مخصوص قم فانذر و مقصود کن فکان

آدم بگاهواره او شیرخوارهٔ — ادریس هم بمکتب او گشته درس خوان

در دین شفای علت عالم برای خلق — زی حق شفیع زلت آدم پی جنان

هم عیب را بعالم اسرار پرده پوش — هم غیب را ز عالم اسرار ترجمان

او سرو جویبار الهی و نفس او — چون سرو در طریقت هم پیر و هم جوان

او آفتاب عصمت و از شرم ذوالجلال — نفگنده بر بیان قلم سایه بنان

مه را دو نیم کرده بدست چو آفتاب — سایه نه بر زمینش و از ابر سایه بان

گه با چهار پیر زبان کرده در دهن — گه با دو طفل در دهن افگنده ریسمان

مهر آزمای مهرهٔ بازوش، جان و عقل — حلقه بگوش حلقهٔ گیسوش انس و جان

حبل الله است معتکفان را دو زلف او — هم روز عید و هم شب قدر اندرو نهان

قدرش مرقعیست بریں سقف لاجورد — فرشش رفوگریست بریں فرش باستان

بر بام سدره تا در ادنی فگنده رخت — روح القدس دلیلش و معراج نردبان

جبریل هم بنیم ره از بیم سوختن — بگذاشته رکابش برتافته عنان

جنت ز شرم طلعت او گشته خارست — دوزخ ز گرد ابلق او گشته گلستان

جبریل هم به نیم ره از بیم سوختن | بگذاشته رکابش و برتافته عنان
خورشید بر عمامه او بر فشانده تاج | بر جبین به رداش فدا کرده طیلسان
آنجا شده بیکدم و کرده باز گشت | زانجا هزار سال رهش بود تا جهان
خواهی که بیخ نوبت الصابرین زنی | تعلیم کن ز چار خلیفه طریق آن
از صادقین دو خاطبانی قانتین ادب | از متقین حیا و ز مستغفرین بیان
همچون درخت گندم باش از برای فرض | گه راست گه خمیده و جان بسته بر میان
گه در سجود باش چو در مغرب آفتاب | گه در رکوع باش چو بر مرکز آسمان
از جسم بهترین حرکاتی صلوٰة و بین | وز نفس بهترین سکناتی صیام دان
یارب دل شکسته و دین درست ده | کانجا که این دو نیست و بالیست بیکران
خاقانی از زمانه بفضل تو در گریخت | او را امان ده از خطر آخر الزمان
زان پیشتر کاجل ز جهان وا رهاندش | از ننگ حبس خانهٔ شروانش وارهان
کز خواندهٔ سعادت عقباش رد مکن | در وادهٔ مونت دنیاش داستان

(۲)

ما صبح[۱] پای صبر بدامن در آورم | بر کار عجز گرد سر و تن در آورم
از عکس خون قرابه بر می شود فلک | چون جرعه ریز دیده بدامن در آورم
هر دم هزار بچه خونین کنم بخاک | چون نعمتان دیده بزادن در آورم

[۱] قصیده که در حالت حبس انشا کرده است و فی المعنی هو فی نعت رسول است

از زعفران چهره نگه نشره کنم
کابستنی به بخت ستردن در آورم

دانم که دهر خط بلا بر سرم کشد
داند که سر بخط بلا من در آورم

چون آه آتشین زنم از جان آهنین
سیماب وش گداز یا آهن در آورم

غم در جگر زد آتش بر زین مراد من
از آب دیده دجله بپیرزن در آورم

غم بیخ عمر من برد و من ببرگ آن
دستی بشاخ لهو بصد فن در آورم

طوفانم از تنور بر آمد چه سود از انکه
دامن چو پیرزن نهبن در آورم

شد روز عمر زان سو بیشی زردی نیست
کین روز رفته باز به روزن در آورم

با من فلک به کین سیاوش و من ز عجز
اسپی زنی بجرب تهمتن در آورم

چون کوه خسته بیعه کنندم بجرم آنکه
فرزند آفتاب بمعدن در آورم

از جور هفت پردهٔ ازرق باشک لعل
طوفان بهفت رقعه ادکن در آورم

از کشت زار چرخ و زمین کین دو گاو راست
یک جو نیافتم که بخرمن در آورم

از چنگ غم خلاص تمنا کنم ز دهر
کافغان بنای حلق چو ارغن در آورم

چون زال بستهٔ قفسم نوحه زان کنم
تا رحمتی بخاطر بهمن در آورم

نی نی که با غم است مرا انس لاجرم
مریم صفت بهار به بهمن در آورم

نه شگفت اگر چه آهوی چین مشک بر وهم
چون سر بخورد سنبل و بهمن در آورم

چون دم بر آرم از سر زانو بباغ دل
از شاه سدره مرغ نوازن در آورم

زانو کنم رصدگه و در بیع خان جان
صد کاروان درد معین در آورم

غم بختی ست توسن و من بار کاروان
وز خان به پشت بختی توسن در آورم

دل تنگ تر ز دیدن سوزن شدست و من
بختی غم بدیدهٔ سوزن در آورم

غم تخم خرمیست که در ریگ دل افگنم
در دلیست جنبش می که بیکدن در آورم

عنقای مغربم بغریبی که بهر الف
غم را چو زال زر به نشیمن در آورم

در گلشن زمانه نیابم نسیم انس
دود از سموم غصه به گلشن در آورم

فقرست پیر مائده افگن که نفس را
بر آستان فقر ممکن در آورم

آب حیات ز آتش گلخن دمد چو باد
گر نقش خاک پاش به گلخن در آورم

آری ز هند عود قماری برون برم
گر حملها به سند ز ردئین در آورم

چندین نفس لصیفهٔ اهل صفا زدم
یک چندلی بدیه به بهمن در آورم

چون کار عالم است شتر گربه حق بکف
گه سبحه گاه ساغر روشن در آورم

از هزل و جد چو طفل بنگر بزدم که دست
گاهی به لوح و گه به فلاخن در آورم

جنسی بنما بکس من و زندان که بهر راه
چون رخش نیست پای بکودن در آورم

آهوی مشک نیست چه چاره ز نگا و بنه
کز هر دو برگ عنبر ولادن در آورم

چون چرخ سرفگنده زیم گرچه سر دهم
آغوش از آن بخاک فروتن در آورم

دشمن مرا شکسته کند و دست دارمش
حاشا که من شکست به دشمن در آورم

تهدید تیغ می دهد آوخ کجاست تیغ
تا چون حلیش دست بگردن در آورم

کانرا که تیشه رخنه کند فضل کان نهم
رخنه چرا به تیشه کان کن در آورم

در دیولاخ آز مرا مسکن است و من
خط فسون عقل به مسکن در آورم

همت شود حجاب میان من و نظر
گر من نظر بعالم زمین در آورم

آسیمه سر چو گاو خراشم که چشم بند
نه گذاردم که چشم به وعش در آورم

پروانه‌ئی که سوزم و دم بر نیاورم
قمری نیم که طوق به گردن در آورم

در بوی و رنگ دهر نه پیچم که ره روم — ارقم نیم که پای بچندن در آورم

من نامه بر کبوتر را هم نه همرهان — بازا نیم که طبع بارزن در آورم

گر خاص قرب حق نشوم واثقم بدانکه — زحمت امان بخلد مزین در آورم

جان و دل خرد برسانم بباغ خلد — آخر مثلثی بمثمن در آورم

چون خر مگس نه جیفه دخش طمعه چون کنم — نحلم که روزی از گل و سوسن در آورم

چون قوتم آید زوکند از گرم و سرد چرخ — بر خوان جان دو نان ملون در آورم

با آنکه قانعم چو سلیمان ز مهر و ماه — نان ریزها چو مور به مسکن در آورم

نسرین برا نخوشه پروین به پرورند — تا من بخون دو مرغ مسمن در آورم

مرد توکلم نه زنم در که ملوک — حاشا که تنگ به بخشش ذوالمن در آورم

آنکس که داد جان ندهد نان بلی دهد — پس کفر باشد ار بدل این ظن در آورم

چون موسیم شجر دهد آتش چه حاجت است — کاتش ز تیه وادی ایمن در آورم

گردون ناکس ار نخرد فصل من رواست — نقصی چرا بفضل مبرهن در آورم

بهرام وار گر بمن آرند و گندان — غارت چرا به تیغ و بجوشن در آورم

زان غم که آفتاب کرم مرد برق وار — شب زهره را چو رعد بشیون در آورم

این پیرزن هنوز عروس کرم نزاد — پس سر چرا بخطهٔ این زن در آورم

گفتم ترک مدح سلاطین مبین از آنکه — سحر مبین به شعر مبین در آورم

گوشه طغان جود که من بهرا تکلے — پیش زبان بگفتن سن سن در آورم

خاقانی مسیح دمم پس به تیغ نطق — همچون کلیم رخنه بالکن در آورم

بهر دونان ستایش دونان کنم مباد — کاب گهر بسنگ خماهن در آورم

۱ چون موی خوک در زنّار ترسا بود چرا — تار ردای روح بدرزن در آورم
هم نعت حضرت نبوی کان نکوتریست — کین لعل هم بطوق بگردن در آورم
کحال دانشم که برند اختران به چشم — کحل الجواهری که بهاون در آورم
گفتم روم بمکه و جویم در آب حرم — گنجی که سر بحصن محصن در آورم
چون نیست وجه زر نکنم عزم مکه باز — جلباب نیستی بسر و تن در آورم
تبریز غم فزود مرا آرزوم هست — کین غم بآرزوم و بارمن در آورم
خوش مقصدیست ارمن و خوش مامن آرزوم — من رخت دل بمقصد و مامن در آورم
منت برد عراق و ری از من بدین دو جای — بحری ز نظم و نثر مدون در آورم
بس تشکر ز منیژه و گیوم رسد که من — شمعی بچاه تیرهٔ بیژن در آورم
چون مور سازخانه با خلاط در کشم — چون مرغ برگ خانه بروزن در آورم

(۳)

سنت عشاق[۱] چیست برگ عدم ساختن — گوهر دل را ز تف مجمر غم ساختن
بدرقه چون عشق گشت از پی پیما تاختن — تفرقه چون جمع گشت با کم و کم ساختن
گر چه نوای جهان خارج پرده رود — چون تو درین مجلسی با همه دم ساختن
پیش سر سران آب ده دست باش — تاب مسلم بود پشت بخم ساختن
نزد فسرده دلان قاعده کم کن چو ابر — با دل آتش فشان چهره دژم ساختن

---

۱؎ قصیده مشتمل بر نعت گوید۔

نتوان در خط دهر وفا یافتن ‌‌ ‌ ‌ ‌ در نتوان بر سطح آب نقش قلم ساختن

عمر نه دلاف عیش سرد بود همچو صبح ‌ ‌ ‌ ‌ از پی یک لحظه عمر چتر و علم ساختن

تا کی در چشم دعقل خار مغیلان زدن ‌ ‌ ‌ ‌ تا کی در رهٔ نفس باغ ارم ساختن

رخش بهرای زر بردن در پیش دیو ‌ ‌ ‌ ‌ پس چرا فگنده سم مرکب جم ساختن

دل زامل دور کن زانکه نه نیکو بود ‌ ‌ ‌ ‌ مصحف وافسانه را جلد بهم ساختن

بر در شهوت مدار عقل که نا خوش بود ‌ ‌ ‌ ‌ بر سر ژند مغان بسم رقم ساختن

چند رصد گاه دیو بر در دل داشتن ‌ ‌ ‌ ‌ چند قدم گاه پیل بیت حرم ساختن

بر سر خوان جهان چند چو بر بط مقیم ‌ ‌ ‌ ‌ سینه و دل را زآز جمله شکم ساختن

چند چو مار از نهاد باد و زبان زیستن ‌ ‌ ‌ ‌ چند چو ماهی بشکل گنج درم ساختن

زر چه بود جز صنم پس نه پسندد خدا ‌ ‌ ‌ ‌ دل که نظر گاه اوست جای صنم ساختن

هین که در دل شکست زلزله نفخ صور ‌ ‌ ‌ ‌ گوش خرد شرط نیست جذر اصم ساختن

زین دم معجز نما مگذری خاقانیا ‌ ‌ ‌ ‌ کز سر این دم توان زاد عدم ساختن

گر چه زر دی قضا به تو ستمها رود ‌ ‌ ‌ ‌ جز به رضا دادی نیست دفع ستم ساختن

یوسف دلها توئی کائت لست از سخن ‌ ‌ ‌ ‌ پیش گرسنه دلان خوان کرم ساختن

چون بشماخی ترا کرد قضا شهر بند ‌ ‌ ‌ ‌ نام شماخی توان مصر عجم ساختن

غم ز جهان عبره کرد عبرت تو این بس است ‌ ‌ ‌ ‌ نتوان با مرگ غم برگ نعم ساختن

چون تو طریق نجات از در غم یافتی ‌ ‌ ‌ ‌ شرط بود قبله گاه مرکز غم ساختن

چون بدر مصطفی نائب حسان توئی ‌ ‌ ‌ ‌ فرض بود لعنت اوجز امم ساختن

(۴۲)

[له] عید است بیش از صبحدم مژده بخمار آمده
بر چرخ دوش از جام جم یک نیمه دیدار آمده

عید آمد از خلد برین شد صحن روی زمین
هان ماه نو طغراش بین امروز دو گالر آمده

کرده در آن خرم فضا صید گه زنان چند جا
شاخ گوزن اندر هوا اینک نگونسار آمده

پرچم ز شب پرداخته از طاس پرچم ساخته
بیرق ز صبح افراخته روزش سپهدار آمده

بر چرخ بگشاده کمین دمغش نهاده بر سرین
هان عین عید اینک ببین بر چرخ دوار آمده

عهد همایون فر نگه سیمرغ زرین بر نگه
ابروی زال زر نگر بالای کهسار آمده

از گرد راهش آسمان تر مغز گشته آن چنان
کز عطسهٔ مغزش جهان پر مشک تاتار آمده

گیتی ز گرد لشکرش طاوس بسته زیورش
در شرق زنگین پرش در غرب منقار آمده

پی گم کنان سی شب دوان از چشم قبلیا پنهان
وز دیده در کوی مغان نزدیک خمار آمده

ساقی صنم پیکر شده باد صلیب آور شده
قندیل از او ساغر شده تسبیح زنار آمده

هر پی ز کلکش عنبری هر می ز بویش کوثری
هر خوی ز رویش عبهری بر برگ گلنار آمده

ریحان روح از بوی وی می جام فتوح اندر وی
بزم صبوح از خوی وی فردوس کردار آمده

می عاشق آسا زرد به همرنگ اهل درد به
در در صفا پرورده به تلخ شکر بار آمده

خورشید رخشان است می زان در دل زا نست آمی
جز جو همه جانست می فعلش بزدار آمده

آن جام جم پرورد کو آن شاهد رخ زرد کو
آن عیسی هر درد کو تریاک بیمار آمده

---

له در مدح جلال الدین بصنعت ذی المطالع -

می آفتاب زرفشاں جام بلور شد آسماں      مشرق کف ساقیش داں مغرب لب یار آمده
در ساغراں صہبا نگر در کشتی آں دریا نگر      بر خشک و تر صحرا نگر کشتی بہ رفتار آمده
مطرب چو طوطی بوالہوس انگشت و لب در کار بس      از سینہ بربط نفس در حلق مضمار آمده
آں آبنوسی شاخ بیں مار شکم سوراخ بیں      افسون نغمہ گستاخ بیں لب بر لب مار آمده
بربط چو عذرا مریمی کابستنی دارد ہمی      از درد زادن ہر دمی در نالہ زار آمده
نالاں رباب از عشق می در سینہ بستہ دست وی      بر ساعدش چوں خشک نی رگہائے بسیار آمده
آں چنگ ازرق ساز بیں از ترسہ در منقار بیں      در قید گیسو تار بیں پا پیش گرفتار آمده
آں لعب دق گرداں نگر در شکار رستاں نگہ      واں چند صف حیواں نگر باہم بہ پیکار آمده
کبکاں بہ بانگ زیر و بم چنداں سماع آورد ہم      کال تا حلق نازکشاں ز دم تا سینہ افگار آمده
راز سلیمانی شنو زاں مرغ روحانی شنو      اشعار خاقانی شنو چوں در شہوار آمده
صفہای مرغاں کن نگہ در صفہای بزم شہ      چوں عندلیباں صبح گہہ فصال گلزار آمده
واں کوس عیدی بیں تواں بر درگہہ شاہجہاں      مانند طفل لوح خواں در درس تکرار آمده
جام و می رنگیں بہم صبح و شفق رابیں بہم      تخت جلال الدین بہم کیخسرو آثار آمده
شروان شہ سلطان نشاں افسردہ گردن کشاں      دستش سحاب زر فشاں چوں لعل دلدار آمده

## مطلع ثانی

ای یاد دل سودائیاں عشق ترا کار آمده      ترکان غمزت را جان دلہا خریدار آمده
آئینہ بردار و بیں آہ غمزہ سحر آفریں      باز ہر پیکان در کمین ترکان خونخوار آمده
تو بادی و من خاک تو تو آب و من خاشاک تو      با خوی آتش ناک تو صبر من آوار آمده
گیرم ندہی داد من در دزی نیاری یاد من      بشنو شب فریاد من داغ شب تار آمده

ای خون من در گردنت زین پیش یاد آورده دست — وز دست زود آزردنت جانم به بازار آمده

هم خواب خرگوشم دهی خار جگر سوزم نهی — ای از تو آغوشم تهی خوابم همه خوار آمده

خاقانی و درد نهان خون دل از ناخن روان — وز ناخن غم هر زمان مجروح رخسار آمده

او بلبل است ای دلستان طبعش چو شاخ گلستان — در مجلس شاه اخستان لعل و گهرش بار آمده

## مطلع ثالث

مهر است باز رین صدف خرچنگ را یار آمده — خرچنگ ناپروا از تف پروانه نار آمده

بیمار بوده چشم خور سرطانش داده زور و فر — معجونی سرطانی نگر داروی بیمار آمده

آن کعبه محرم نشان آن زمزم آتش فشان — در کاخ مه دامن کشان یک مه به پرواز آمده

هر سنگ را گر ساحری کرده صبا میناگری — از خشت زر خاوری میناش دینار آمده

شمع روان بین در هوا آتش فشان بین در هوا — بر کرکسان بین در هوا پروا از دشوار آمده

خورشید زرین دهره بین صحرای آتش چهره بین — در مغز افعی مهره بین چون دانه نار آمده

روی سپهر چنبری بگرفته رنگ عنبری — بر آینه اسکندری خاکستر انبار آمده

هر فرش سقلاطون که مه صباغ او بوده سمه — از آتش گردون سیه چون داغ قصار آمده

آفاق را از جرم خور هم قرص و هم آتش نگر — هم مطبخ و هم خوان زر هم میده سالار آمده

گر بلبل بیار گو مست از فراق گل گلو — گلگون صراحی بین در او بلبل بگفتار آمده

گرمی دهی ممزوج ده کین وقت می ممزوج به — با می گلاب ناب نه چون اشک احرار آمده

کافور خواه بید تر در خیش خانه باده خور — با ساقی فرخنده فر زد خانه فرخار آمده

با ورد و ریحان کن طلب تو زی ترکستان کن سلب — ور می گلستان کن در لب آنجا که اخیار آمده

گه گه کن از باغ آرزو آن آفتاب زرد رو — پیرامنش ده ماه نو هر سال یک بار آمده

چرخ از سموم گرم گه زاده وبا هر چاشتگه ... در دفع وبا را جام شه یاقوت کردار آمده

تریاک ما چهر ملک پور منوچهر ملک ... با طاعن مهر ملک طاعون سزاوار آمده

خاقان اعظم چون پدر شاه کیان همچون پدر ... فخر دو عالم چون پدر وز عالمش عار آمده

گردون روان در کار او چون سایه در زنهار او ... خورشید در دیدار او چون ذره دیدار آمده

از بوس لبهای سران بر پای اسپ اختسان ... از نعل اسپش هر زمان یاقوت مسمار آمده

عدلش بدان سامان شده کاقلیمها یکسان شده ... شکر بهندستان شده طوطی بلغار آمده

رائیش چون دست موسوی در ملک برهانی قوی ... دادش چو باد عیسوی تعویذ انصار آمده

شمشیر او قصار کین شسته بخون روی زمین ... پیکان او خیاط دین دل دوز کفار آمده

سام نریمان چاکرش رستم نقیب لشکرش ... هوشنگ هارون درش جم حاجب بار آمده

مردان علوی هفت تن درگاه او را بوسه زن ... خصمان سفلی چار تن پیشش پرستار آمده

با تیغ گردون پیکرش گردون شده خاک درش ... وز رای گیتی داورش گیتی نمودار آمده

با دولت شاه اختسان منوچهر دان هر داستان ... کز خسروان باستان در صف اخبار آمده

تیرش که دستان ساخته زو رجم شیطان ساخته ... عقرب ز پیکان ساخته تنین ز سوفار آمده

هر تیر او بر تیر او پر پری در صفدری ... تیغش چو تیغ حیدری از خلد اسرار آمده

از نور بد خواهانش خاک از ظلمت چه خاکی پاک ... آنرا که خصمش جان پاک از نور انوار آمده

زا سر ارمشتی یا زپس رانده بکین او نفس ... پیکانش چو پر مگس در چشم اشرار آمده

ناکرده مکر بکیان جان محمد را زیان ... چون عنکبوتی در میان پرده غار آمده

ای خانه دار ملک و دین تیغت حصار ملک و دین ... بهر عیار ملک و دین رای تو معیار آمده

پیشت صف بهرامیان بسته غلامی را میان ... در خانهٔ اسلامیان عدل تو معمار آمده

ای چنبر کوست فلک کرده زمین پوست فلک ... وز خصم منحوست فلک چون بخت بیزار آمده

نیکان ملت را بدین یاد تو تسبیح مهین — پیکان نصرت را کمین عزم تو هنجار آمده

یادت ز غایات هنر بر عرش رایات خطر — در شأنت آیات ظفر از فضل دادار آمده

تابع فلک فرمانت را دربان ملک ایوانت را — سرهای بدخواهانت را هم رمح تو دار آمده

لاف اندرت اسلام را فال از همت ایام را — تا ابلقت بهرام را از چرخ مضمار آمده

از مدح تو اشعار من سر رونق فزا در کار من — دولت همیشه یار من با بخت بیدار آمده

من جان سپار مدح تو صورت نگار مدح تو — با آب کار مدح تو از نظم ابکار آمده

امروز احرار زمن خوانندم استاد سخن
صد عنصری در پیش من شاگرد اشعار آمده

---

# انتخاب از قصائد ظہیر فاریابی

(۱)

نشست خسروی زمین باستحقاق[1] — فرازِ تختِ سلاطین مدارِ ملکِ عراق
خدایگانِ ملوکِ زمانہ نصرة الدین — کہ ہست افسرِ شاہی بطلعتش مشتاق
پناہ و ملجاءِ عالم اتابک اعظم — کہ عالمی دگرست از مکارمِ اخلاق
رضاش خط دوام از صحیفۂ اعمار — سخاش باز گرفت از جریدۂ ارزاق
فلک بطوع تقرب کند بخدمت او — چو دوستان بہ مدار او دشمنان بنفاق
ایا شہی کہ بہنگام کین و شاقانت — مجرّہ را بدو انگشت بگسلند نطاق
چو طاق و جفت زنند از طریقِ لعب کنند — بتیر تنہا جفت و بہ تیغ سرہا طاق
کسیکہ جفت نداند نہ خسروان خود را — نہد بہ پیش تو دعوئ خسروی در طاق
شکوہ تیغ تو در رزم بیم آں باشد — کہ از طبیعتِ آتش برون برد احراق
بیک ثبات کہ ہنگام کار ینمودے — بہ بری و لطفِ در آمد جہان جانی و عاق
گرفت عرصۂ ملک تو بسطتی کہ دگر — درو محیط نہ گردد دوائرِ آفاق
اگر زپاے در آید زمانہ باکی نیست — تو شاد زی کہ درست ست دولت را ساق

---

[1] در مدح تخت نشستن نصرة الدین

ببازوی تو ندارد خطر گرفتنِ ملک
بہ آسمان شدن آساں بود بپایے براق

نہیب رمح تو در سینہ ہا گزید وطن
خیال دیدہ تو در دیدہا گرفت وثاق

بجور خصم ز دست تو تیر بیتی نہ چنانکہ
بعمر تلخیٔ آتش برون شود ز نداق

دوید در دل و چشم عدو مہابتِ تو
چنانکہ آتش سوزندہ در دلِ حراق

بنوک نیزہ رگ جانِ دشمنان بگشائے
کہ از حرارت این غصہ شان گرفت خناق

گر آفتاب کہ یک چشم دارد از مشرق
نگہ کند سوے ملک تو جز بچشم وفاق

بیاد حملہ ز گوشش بر آورے پنبہ
بنوک نیزہ ز چشمش برون بری شزناق

ز ہیبت تو دل دشمنان برون نبرد
چنان بود کہ دل عاشقان ز بیم فراق

اگر بوقت مقاسات گرم دہرد مصاف
نیایدت مدد از ہیچکس علی الاطلاق

شگفت نیست کہ پولاد را نیاید باد
بوقت خوردنِ زہر از منافع تریاق

ـر بوی کوس و نفیر مبارزان در رزم
بود بگوش تو خوشتر ز پردہ عشاق

